خاک میں ہے تری رفتار ملاتی جاتی
دیکھو ہے باد خزاں خاک اڑاتی جاتی
دل میں ہے اپنے محبت جو سماتی جاتی
چشم جیبنی ہے وہ رو رو کے چھپاتی جاتی
میری تقدیر ہے جو اس کو پڑھاتی جاتی
ہے وہ کچھ لطف سے ہمکو بھی سنگھاتی جاتی
رہ گئی جان ترے بیمار کی جاتی جاتی

[illegible]

ہوئی عاشق کے لیے صورت تسکین بارے
تو نہ پہونچا تری تصویر تو پر جا پہونچی

کی جو اشکوں نے دم گریہ کی آنکھوں مین
تو وہ ہین لب بعد خون جگر جا پہونچی

اے صبا ہوگا نہایت ترا احسان ہمپر
کوچہ یار مین خاک اپنی اگر جا پہونچی

پھر تو سو بار پکارا وہ نہ بولے گھر مین
کان مین انکی جو آواز ظفر جا پہونچی

ہم اس کافر کے ہاتھ اول دل و جان بیچ ڈالینگے
دل و جان بیچکر پھر دین و ایمان بیچ ڈالینگے

ہمارے جنس دل کا گر خریدار آئے گا کوئی
نہیں ہم دیکھنے کے نفع نقصان بیچ ڈالینگے

نہ قیمت دے سکینگے وہ تمہارے دردمند انکی
اگرچہ جوہری سب اپنی دکان بیچ ڈالینگے

نہیں ہم چھوڑنیکے تیرے سودائے محبت کو
کہیگا تو کہ بیچو آپ کو ہان بیچ ڈالینگے

تری خاطر سے جی دینگے اپنا نیم غمزہ پر
ہم اس جنس گران قیمت کو ارزان بیچ ڈالینگے

تمہاری خاک پا کے روبرو کیا قدر سرمہ کی
اسے سب کے سو اہل صفاہان بیچ ڈالینگے

برنگ شمع لیکر سو دل وہ اسکو جلائینگے
ظفر دل اپنا جسکے ہاتھ ہم یان بیچ ڈالینگے

بلا سے میری چھاتی پر اگر وہ رکھ کے سل بیٹھے
نہ آسکے نہ پہلو مین تو پھر بے سنگدل بیٹھے

ترے ہاتھوں نکے قربان کیوں نچاؤں ہر کمان ابرو
مرے سینہ مین کیا کیا تیر تیرے متصل بیٹھے

یہ حالت ہو ترے بیمار غم کی ناتوانی سے
نہیں طاقت کہ جو اٹھکر ذرا وہ مستقل بیٹھے

دیگر

مطلع ثانی

۱۷۶

دیگر

مطلع ثانی

ترسا ہین مست وہ نازک مزاج ای ساقی

جو آفتاب قیامت جلا کا داغ سحر

الٰہی سب دکھاتے تحریر اپنی اپنی

لیکن جدا جدا ہے تو قسمت اپنی اپنی

جسوقت ہین نماز مین ہم اُٹھتے بیٹھتے	الفت کا تیری پھرتے ہین جو ہم اُٹھتے بیٹھتے
ہم ضعف سے ہین ریگ کی دیوار کیطرح	سو بار وقت درد و الم اُٹھتے بیٹھتے
ہوتے ہو چلتے پھرتے اگر آئے ہو یہان	غیر و نہین تم ہو ہاے ستم اُٹھتے بیٹھتے
بیطاقتی سے اپنا ہو یہ حال اے صنم	مشکل سے ہین خدا کی قسم اُٹھتے بیٹھتے
تشبیہ دیتے قامت جانان سے ہم اگر ہین	گر سرو بوستان ارم اُٹھتے بیٹھتے
ہر شیخ و برہمن کی رفاقت سے یہ غرض	ہوجاے سیر دیر و حرم اُٹھتے بیٹھتے
مثل غبار راہ ترے ناتوان عشق	ہستی سے پہونچی تا بعدم اُٹھتے بیٹھتے

جاتا صنم کدہ مین ظفر گر مرا صنم

تعظیم کو سب اُسکی صنم اُٹھتے بیٹھتے

کرتے ہین یار باہم تدبیر اپنی اپنی	لیکن جدا جدا ہے تقدیر اپنی اپنی
وہ ابرو اور وہ مژگان اور وہ نگاہین اُسکی	کرتے ہین تیر خنجر شمشیر اپنی اپنی
دل زلف مین پھنسے تو یان ہو اسیر کاکل	پہچانتے ہین دونون زنجیر اپنی اپنی
صورت دکھا دے اپنی آن خوبصورتون کو	کھنچوائی ہے جنھون نے تصویر اپنی اپنی
گر آہ و نالہ دونون پیدا ہوئے یکدل سے	لیکن الگ الگ ہے تاثیر اپنی اپنی
سنتا ہون ناصحو کبھی ہین کب نصیحتون کو	بیٹھے کیا کرین وہ تقریر اپنی اپنی
یہ منزل فنا ہے ای غافلو نہ خوش ہو	محکم بنا بنا کر تعمیر اپنی اپنی

وہ الٹی کا سمجھے ہماری سیدھی بات
جو اس کی سمجھ ہو نہ انھیں الٹی

انھیں کیا اثر ہے ایسے تیرے دو ہیں
ابلا ہی پھر گئی آکے سر قریں آتی

کسی چیز کو ہے راستی کسی سے کبھی
پہ یہ چال ہے سینہ تک نہیں کہیں آتی

جہان میں نام ہے روشن ز راستی کے سبب
... گلشن آتی

جو تو ہے تیغ سے گر اتنا ظفر
تو پڑی گا تیرا پہ قاتل کی تیغ کہیں آتی

آہ کب سینہ سے اور ہم سے فغان نکلے ہے
دل میں اک آگ سلگتی ہے دھواں نکلے ہے

جس طرف کو نکلے ہے ادھر سر پہ کھنچیں شمشیر
شب ہجران میں کدھر کا کہیں انجان نکلے ہے

آہ سوزاں سے جلا دیتا ہے گھر کتنے ہی
جس طرف سے کہ ترا سوختہ جان نکلے ہے

دل کی حسرت یہ نکلتی ہے ہماری کہیں
اشک سے خون چشم سے اور دل سے لہو نکلے ہے

قفس و دام سے صیاد اسیروں کو نکال
کہ بہار آئی ہے گلشن سے خزان نکلے ہے

منہ سے کیا بات نکالے کوئی اسکے آگے
وان تو اک حرف پہ گدی سے زبان نکلے ہے

سر کے بالوں میں وہ سیندور بھری مانگ ہے یوں
جس طرح ابر میں گردون پہ کمان نکلے ہے

اہل دنیا کی ملاقات نہیں بے مطلب
کہ یہ وہاں جاتے ہیں کچھ کام جہان نکلے ہے

ڈوبتا ہے جو کوئی عشق کے دریا میں ظفر
نہیں معلوم کہ وہ جا کے کہاں نکلے ہے

۱۷۳

دیگر

سا ظلم ہیری میں ہم پہ جوانی کی ...
جانتے ہیں ہم کہ تلو بان ... اور ...

کیا لگتا ہے دور کو سوان نام سے وہ جاہ کے | دیکھی حالت جینے تیرے جیا تھے مرا لیکن ہے

ہجر کی شب گرچہ ہے تار ریک لیکن اے ظفر
سوز دل سے پاس مشعل اپنے بھی نا ایک ہے

ہنسی میں تاب دندان نے کیا ایسا ہے پریشاں | شب دیکھو ریں کو یا کہ اک تھی ترا روشن

مطلع ثانی

یہاں صحرا میں تیری زلف کے کشتہ کا مدفن ہے
ترے بے شبہ دیدار سکیں ہو وہ کیا ممکن
ہمیں ہے تیکہا اک پردہ ہوا لے پردہ نشیں گھر میں
نہیں کم ہوئی سردی لے تیری سر دمہری نے
نہیں اے غنچہ لب آرزو نہیں ہنسی کی تیرے دامن میں

ورخت اک جیا لگا بھی عدالت ہمسر بیا کہ گلشن ہے
ترے بیمار غم کو تشنگی جو وقت مرنا ہے
عدو سے تو ہر ایک بے پروانہ پر ہم اک شمع لگن ہے
اگرچہ سینہ میں کسداغ اک مشعل ہے روشن ہے
چمن میں جس کے یہ موتیا کے ہاتھ سمن ہے

عرق آیا ہے چشم یار پر یوں ہیں گرمی میں
نکل آیا ظفر بادام سے جس طرح روغن ہے

مری تحریر دل کی نامہ پر پہونچی تو ہو وے گی
جگہ دی اسلیے ہمنے نظر کو اپنی آنکھوں میں
نہو گی رات کو کیونکر فلک پر کثرت انجم
لگا یا ہو گا جسکے آگے تیغے جام کو لب سے

کبھی اُس بیخبر کو کچھ خبر پہونچی تو ہو وے گی
کہ تیرا اسکے کبھی رخسار پر پہونچی تو ہو وے گی
گرو اشک میری آہ تیر شرر پہونچی تو ہو وے گی
لبو تیر اسکی جان سے دیکھ کر پہونچی تو ہو وے گی

غنچہ کی ہے گرہ گڑی کھلتی • پر نہیں دل کی گٹھڑی کھلتی

لب پہ قفلین پڑ دیکھنا اوسکے • کیا ہی مستی کی ہے دھڑی کھلتی

اوسکی زنجیر در خدا جانے • آج کیون ہے کڑی کڑی کھلتی

باندھا بارش کا آنسووں نے تار • نہیں ساون کی یہ جھڑی کھلتی

کھولنا ہوتا دل کا راز تو شمع • رہتی خاموش کیون گھڑی کھلتی

اور عقدہ تو سب ہین کھلجاتے • نہیں دل مین گرہ پڑی کھلتی

اشک خون سے ترے گلے مین ظفر
خوب پھولون کی ہے لڑی کھلتی

زیب محفل گرچہ شمع انجمن بھی ایک ہے • ماہ منزل پر وہ ماہ سیمتن بھی ایک ہے

دل بچے عیاری سے کیا نگاہ یار سے • فن عیاری مین یہ پر مکر و فن بھی ایک ہے

ساقیا لا جام تو اب بھی بہار میکشی • گل بھی ہے گلشن بھی ہے اور گلبدن بھی ایک ہے

دشت وحشت مین ٹکے کسطرح چھپتا پھرے • چشمون مین تیری آنکھوں کے ہرن بھی ایک ہے

قد رعنا کی سی تیری آ سمین رعنائی کہان • سرکشی مین یون تو ہان سرو چمن بھی ایک ہے

بات مین آنکے بدر نکلی ہے کہین جو بدر بالا • ایک ہے اچھی زبان اپنا سخن بھی ایک ہے

روز اٹھاتا ہے زمین پر تازہ فتنے سیکڑون
فتنہ سازی مین ظفر چرخ کہن بھی ایک ہے

حاصل ہو لطف جنکی ملاقات میں سنئے
پاتا کوئی انکو مجھی سا اشارہ فہم
انداز ہیں تمہارے اشارات میں سنئے

[illegible]

مطلع ثانی

ویرانے میں جو ترے نامہ بر لگجائیگی	آنکھ کسی کی جو تک ... لگجائیگی
ہوتے کیوں سینہ سپر معلوم گر ہوتا ہمیں	تیر سی شمشیر نگہ یوں کارگر لگجائیگی
بھولکر بھی یاد کر بیٹھیگا گر وہ ماہوش	روتے روتے ہچکی ... رات بھر لگجائیگی
ابر کی جو تکرنہ ٹھہر جائیگی شیشی جب یہان	تیرے اشکوں کی جھڑی ... لگجائیگی
ناصح بیدرد جب جائیگا میرا درد دل	چوٹ تجھ دل پر محبت کی اگر لگجائیگی
گر یہی فریاد ہم اپنی تو ہاں دیکھینگے ہم	آنکھ تیری کیونکر شب لے سحر لگجائیگی
منہ نہ مہتابی پہ کھول اپنا شب مہتاب میں	دیکھ چشم ماہ کی تجھکو نظر لگجائیگی

کیوں پھنسانے ہو دل دیوانہ اسکی زلف میں
جان کے پیچھے بلا ناحق ظفر لگجائیگی

عجب وحشی تمہارے نرگس فتان پہ مفتون ہے	کہ جسکو دیکھکر دیوانہ تھا افلاطون ہے
وفور اشک سے ہے اب یہ عالم چشم گریانکا	کوئی کہتا ہے قلزم ہے کوئی کہتا ہے جیحون ہے
ترا تیر ستم زردہ چپکا پڑ اسکا ہے منہ سب کا	نہ کہتا تم سے وہ ہاں ہو نہ کہتا منہ سے وہ ہاں ہے
مسی کی جو دھڑی پر جو جمائے پان کا لاکھا	خدا جانے کہ کسکا آج تمکو قصد شبخون ہے
تری خاطر سے کہتا ہوں مجھے اس سے نہیں الفت	کرے کیا تو مرا ناصح اگر میں منہ سے کہہ دونگی
تعجب کیا پھرا کرے گر زمین پر ہمکو سرگردان	کہ رہتا آپ بھی تو رات دن گردش میں گردون ہے

[illegible]

[illegible]

	ملتا ہے دل کی خیر مانگو چلتے ہین مژگان یار اسے ظفر غارتگر دل کا ہے وہ لشکر سامنے

رہ گئے شیخ و برہمن جب سے صنم ورے ورے	تیرا مقام ہے پرے دیر و حرم کر ورے
رخ سے پرے نکی جو زلف آ سنے ہمارے سامنے	تھا یہ اشارہ آئینگے شام سے ہم کر ورے
کہتا ہے کیون پرے پرے ہمکو کہ تیری زلف سے	رکھتے ہین ہاتھ ہم ترے سر کی قسم کر ورے
دور ہے وہ مسیح دم دیکھیے آئے کب تلک	جائیگا ہجر مین نکل اپنا تو دم کر ورے
پہونچے بہت پرے کہین نہ خبر وہ بھیجتے	ہوتے اگر مسافر ملک عدم کر ورے
عشق کی راہ مین پڑے جاکے ہو دیکھین جان کیا	جبکہ ہون ہم پر اسقدر رنج و الم کر ورے

	دشت جنون مین ہو اگر قیس ہمارا ہمسفر جاکے پھر آئے اے ظفر یک دو قدم کر ورے

کھینچنا الفت مین دل سے آہ کا اچھا تو ہے	لگ گیا تو تیر اے ظالم نہین نکلا تو ہے

مطلع ثانی

زلف سے جا کے اگر دل بانگ سے اچھا تو ہے	وان تو ہے سر بستہ کوچہ او زبان بستا تو ہے
پا بزنجیر اور دیوانہ سے آیا کون سا	یہ نہین معلوم پر زندان مین غل برپا تو ہے
جیسے اپنا قد رعنا یار نے دکھلا دیا	ہو گیا آسدن سے کچھ سرو چمن سیدھا تو ہے
دیکھیے کھلتا ہے کیا گل آخر شرارہ شک گل	ہمنے دل مین تخم الفت کا ترے بویا تو ہے

عشقبازی کم نہین ہے بازی شطرنج سے
اسمین شاطر سکے ہے بات ہے یا برد ہے
پیلے گر ہوش و خرد سے یار بوسہ زلف کا
چھوڑتا اپیل نہ تو تجکو یہ سودا برد ہے
لیگئی دل برد مین کیا نگاہ چشم یار
واہ شطرنج محبت کا تماشا برد ہے

قطعہ

[illegible]

ہے خیالِ گردن و چشم اُسکا جسد نے مین
کون ہے سرگرم آرایش کہ جسکے واسطے

پا مرا ہے اک صراحی بھی ہے پیمانا بھی ہے
آئینہ بھی ہے لیے خورشید او رشانا بھی ہے

منزلِ ہستی ہے اے غافل نہ پھیلا اتنے پاؤن
یہ سمجھ وا ایکدن یانسے تجھے جانا بھی ہے

اُڑ کے ہم پہونچینگے وان ہوگا جہان وہ شعلہ خو
جس جگہ ہے شمع اُسکے پاس پروانا بھی ہے

زیرِ محراب خم ابرو ہے چشم مست یار
کیا تماشا ہے کہ اس مسجد مین میخانا بھی ہے

اے دل بیتاب مین کیا خاک سمجھاؤن تجھے
تو نے دیوانے کبھی میرا کہا مانا بھی ہے

گلشن ہستی مین اتنا کھل کھلا کر تو نہ ہنس
ساتھ اس کھلنے کے اے گل دیکھ مُرجھانا بھی ہے

قصۂ فرہاد و مجنون کی طرح سے اے ظفر
ہو گیا مشہور اتیرا اپنا افسانا بھی ہے

الفت زبسکہ مجکو ترے غم کے ساتھ ہے
جبتک کہ دم مین دم ہے یہ غم دم کے ساتھ ہے

اے چارہ ساز زخم پہ میرے لگا نمک
رکھتا لگاؤ یہ نہین مرہم کے ساتھ ہے

رخسار پر عرق کو ترے دیکھتے ہین ہم
مطلب چمن کو کیا گل و شبنم کے ساتھ ہے

کیا دل کے باندھنے کو ہو درکار ریسمان
وابستہ تیرے کاکل پُر خم کے ساتھ ہے

ابرو سے ہر غرض ترے مطلب قبلہ سے ہے
کیا کام ہمکو کعبہ و زمزم کے ساتھ ہے

جوشِ بہارِ گل کا نہ کر دیکھ اعتبار
غافل خزان بھی گلشن عالم کے ساتھ ہے

بہکائے گر عدو اسے ہر وقت کیا عجب
شیطان ہمیشہ اے ظفر عالم کے ساتھ ہے

کبھی تو دل کو سوا اضطراب ہوتا ہے

[illegible]

بوسوں کے دو ستونسے ترے کا سکے واسطے
آنے لگا جو آپ کے گھر تین دن سے ہے

دشمن ہر ایک ماہ مین غائب ہے ہوئ
چھپتا نہین زیادہ قمر تین دن سے ہے

اک بوسہ زلف و رخ کا وہ دیتا نہین ہمین
شبلا تار و تر شام و سحر تین دن سے ہے

آکر سوم مین کشتہ کے تو اپنے دیکھ لے
برپا ہوا ایک فتنہ و شر تین دن سے ہے

ظالم خدا کے واسطے جلدی سے آ کہین
تجھبن تڑپ رہا یہ ظفر تین دن سے ہے

نہ دیا بوسہ کبھی منہ نہ لگا یا منہ سے
اور وہ ناحق ہمین کہتے رہے کیا کیا منہ سے

بل بے رنگین سخنی واہ رے انداز سخن
غنچہ لب پھول ترے جھڑتے ہین گویا منہ سے

گھونٹ گھونٹ آپکو پیتا ہے کوئی اپنا لہو
نہ رقیبو تمہین لگا ساغر صہبا منہ سے

ہے زنخدان سے خجل سیب تو پستان سے انار
منفعل غنچہ ہے بادام تو پستا منہ سے

وصف خال دہن یار مین کوئی نکتہ
نکتہ چینیون مین کبھی ہم نہین کہتا منہ سے

طلب بوسہ لعل شکرین پر اسنے
ہمپہ کیا کیا نہ زہر آپنے اگلا منہ سے

کیا نصیب اپنے برے ہین کہ بات پہ بھی
نہ کہا یار نے ہمکو ظفر اچھا منہ سے

مطلع ثانی

وہ بام پر جو کبھی بے نقاب ہوتا ہے
تو آسمان پہ خجل آفتاب ہوتا ہے

179

[illegible]

اگر محبت میں تجھے مد نظر اور ہی ہے | تو گئی دل پہ ہمارے بھی گذر اور ہی ہے

دیکھیں کس کسکو ڈبوئے ترا طوفان سرشک | آج گریہ ترا اے دیدۂ تر اور ہی ہے

میہمان خانۂ ہستی میں لگا جیکو نہ تو | کہ جہاں رہنا ہمیشہ ہے وہ گھر اور ہی ہے

زلف و رخ کا ہے ترے جسکو تصور دن رات | شام کچھ اور ہی ہے اسکی سحر اور ہی ہے

خط لکھا اسنے بلا سے مرا ٹکڑے ٹکڑے | خیر قاصد کی ہو مجکو تو خطر اور ہی ہے

دامن دشت میں آندھی سے کہاں اتنا غبار | خاک اوڑاتا یہ کوئی خاک بسر اور ہی ہے

آبداری کو کہاں شک کے پہونچے موتی | جوہری دیکھ یہ خوش آب گہر اور ہی ہے

کیا عجب گر رخ خورشید پہ آجائے عرق | رکھتا گرمی یہ مرا داغ جگر اور ہی ہے

کوئی تو ماہ لقا تو نے بلایا مہمان
روشنی آج ترے گھر میں ظفر اور ہی ہے

حباب آسا ہر اک دم ہوا کا کارخانہ ہے | کہ جاری بحر ہستی میں فنا کا کارخانہ ہے

مطلع ثانی

نہ پوچھو کیا بتاں خود نما کا کارخانہ ہے | نہ بت ہے اور نہ بتخانہ خدا کا کارخانہ ہے

جلا ہوتی ہے خاکستر سے یاں آئینہ کو دیکھو | تماشا ہے کدورت میں صفا کا کارخانہ ہے

فریبوں میں کہیں دنیا کے تو اے دل نہ آجانا | ذرا ہشیار رہنا یاں دغا کا کارخانہ ہے

نہیں رہتی ہمیشہ ایک سی رنگت زمانہ کی | کچھ ایسکے رنگ میں رنگ حنا کا کارخانہ ہے

بہت دور کی سوجھتی ہے جو ایسی	نہیں دل کی یہ دور ہیں ایسی ویسی
دلا بات مطلب کی اُن سے چُن لے	کہ ہیں تو چناں اور چنیں ایسی ویسی
تبا کیا کریں ہم جو بنجائے ہمسر	محبت میں اے ہمنشیں ایسی ویسی
نہ ہو بوئے اُس زلف مشکیں کے ہمسر	صبا نکہت مشک چیں ایسی ویسی
زیادہ ہے بُرّش میں تیغ اجل سے	نہیں تیری شمشیر کیں ایسی ویسی

خدا جانے اے ظفر او نکے آگے
نہ کہ بیٹھیو تو کہیں ایسی ویسی

بلا سے کنج تنہائی میں تنگی سے گذرتی ہے	جہاں دو چار ہیں اُن خانہ جنگی سے گذرتی ہے
ہجوم خال روئے یار سے دل جا پڑا تنہا	اب اسپر دیکھیں کیا اس فوج زنگی سے گذرتی ہے
خوشی آئے کیا زمانہ کو کسیکی طرز یکرنگی	عزیزو رات دن اسکی دورنگی سے گذرتی ہے
وہ صورت یاد آتی ہے تو پھر کیا کیا مرے دل پر	مرقعہائے چینی و فرنگی سے گذرتی ہے
یہ ہر وہ فاحشہ دنیا حذر کرتے ہیں سب اس سے	دنگبونکی مگر خوب اس بنگی سے گذرتی ہے
رہے ہے دل سدا بیہوش یاد سبزہ خط میں	ہماری دیکھیں کیونکر ایسی بنگی سے گذرتی ہے

خدا جانے ظفر ملک عدم کے رہنے والونکی
فراخی سے گذرتی ہے کہ تنگی سے گذرتی ہے

بتاں وہ جو مجھ سے ہیں بے دید باندھتے	دل سے نئی اک نئے ہیں تمہید باندھتے

قطعہ

[illegible]

۱۸۱

دیوان ظفر

[illegible]

اے ظفر جائو دل دیوانہ کو ڈھونڈھو کہین
ہے خدا جانے کہان مدت ہوئی اسکو گئے

ہمنے ہے خوب اسکی طرز ناز پہچانی ہوئی	چال پہچانی ہوئی آواز پہچانی ہوئی
دیتا پروے ہین محبت کی ہر تو کیا ہمکو دم	تیری دم بازی ہے اے دم باز پہچانی ہوئی
کچھ نہین پوشیدہ وہان ہرگز سوز ناز ہو	ہے تری خاک شہید ناز پہچانی ہوئی
تیری طرز آمیز باتون کی ہمین پہچان ہے	ہمنے خونریزی ہے اے طناز پہچانی ہوئی
مرغ دل جاتا ہے میرا نکلے مرغ نامہ بر	ہمنے ہے یہ تیرے پرواز پہچانی ہوئی
آسمان کرتا ہے سن سنکر مرے نالونکو رقص	اسنے ہے یہ کیا صداے ساز پہچانی ہوئی

زر دئے رخسار کو اپنی چھپائون کیونکہ مین
اے ظفر ہے سب کی یہ غماز پہچانی ہوئی

ساقی نے بھرے مے سے سینا نیکے پیمانے	مستون نے کیے خالی پیمانیکے پیمانے
جو دیدۂ آہو ہین لبریز مے وحشت	ہین واسطے وہ تیرے دیوانیکے پیمانے
صیاد خدا سے ڈر کیون کرتا ہے کم اونکو	مرغان قفس کے ہین جو دانیکے پیمانے
کیون پھوڑتا ہے ایدل تو آبلونکو اپنے	پھر ایسے نہین تیرے یاو آنیکے پیمانے
اک گھونٹ نہین لیتے پیمانے سے وہ میرے	اور ہاتھ سے ہین اپنے بیگانیکے پیمانے
دل میرا اگر کاسۂ غم کھانے کو ہے میرے	تو آنکھین بھی ہین آنسو بہانیکے پیمانے

شام تو دور ہے کر قصد دیار جاناں
پہونچ جانے کو ظفر تا سر منزل دن ہے

دیگر

جب حضرت غم دل کے کاشانے میں جا ٹھکے | بستی سے ہم اے وحشت ویرانے میں جا ٹھکے
پائے نہ پھٹکنے ہم اے یار ترے در پر | لیکن ترے دربانکے یارانے میں جا ٹھکے
گر حضرت عشق آئے دنگا گل و بلبل میں | تو رات کو وہ شمع و پروانے میں جا ٹھکے
کیا دخل کہ دختِ رز محفل سے نکل جائے | شیشہ سے اگر نکلے پیمانے میں جا ٹھکے
آنے ہمیں کب دیتے یوں گھر میں ترے دشمن | اے دوست مگر آنکے دھمکانے میں جا ٹھکے
ساقی یہ ترے میکش سب عالم بالا پر | کیا نشۂ صہبا کے چڑھ جانے میں جا ٹھکے

مسجد سے قدم باہر رکھتے تھے نہ تم اپنا
بتلاؤ ظفر کیونکر میخانے میں جا ٹھکے

دیگر

جب آگے ہیں تمھاری ہم چشم تر جہاں بیٹھے | وہاں اس بارش گریہ سے کتنے ہی مکاں بیٹھے
گئے کتنے گذر اور کتنے ہی پانے گذرنے کو | سر رہ ہیں برنگ نقش پائے رفتگاں بیٹھے
جو تو آئے تو اٹھ بیٹھے خوشی سے ورنہ کیا طاقت | کہ اوٹھکر بستر غم پر یہ تیرا ناتواں بیٹھے
رہے جب آسمان آٹھوں پہر یاں آپ چکر میں | تو کوئی چین سے کیا خاک زیر آسماں بیٹھے
ستمگر اور بھی تو عاشق جانباز پر اپنے | کہ دل میں طیش کے ڈر تیرا اس دلستاں بیٹھے
ستم ہے غیر کی تعظیم تم اٹھ اٹھ کے دیتے ہو | ہم آنکھوں سے ہیں اپنی دیکھتے اس مہرباں بیٹھے

غزل قطعہ بند

نہ بھرو دم بھر دم ظفر آہین
چپ رہو کوئی دم خدا کے لیے

نہ پوچھو ہمسے تم دل کی حقیقت کہ نہیں سکتے
کہیں کیا وہ جو ہی ہمپر مصیبت کہ نہیں سکتے

کہا تھا بزم میں جب غیر کو کچھ پیار سے تمنے
ہوئی تھی جو اسوقت حالت کہ نہیں سکتے

خفا تو ہوکے جو کچھ چاہتا ہی ہمکو کہنا ہے
مگر کچھ تم سمجھو اسی صورت کہ نہیں سکتے

وہ جب تک صاف تھے جو چاہتے تھے صاف کرتے تھے
اب ایسی آگئی دل میں کدورت کہ نہیں سکتے

کہیں کیا ہمدم ہم تو ہی حسرت ہیں مرتے ہیں
کہ جو کچھ ہی ہمارے دلمیں حسرت کہ نہیں سکتے

کرے ہے زلف سرگوشی ہمیشہ اور رہیگا ہے
ترے کچھ کانمیں کان ملاحت کہ نہیں سکتے

ہماری سوزش دل ہیں کہے جوں شمع روشن کے
زباں سے گوکہ ہم سوز محبت کہ نہیں سکتے

جب آنسے چاہتے ہیں ہم نہیں کچھ حال اپنا
تو پھر ہوتی ہے یہ گریہ کی شدت کہ نہیں سکتے

ظفر جیسے کہ وہ مست تغافل خواب میں آیا
ہوئی ہے تب سے ہمکو ایسی غفلت کہ نہیں سکتے

برا بھی وقت بد پر بعض ایسا کام آتا ہے
کہ جیسے مفلسی میں کھوٹا پیسا کام آتا ہے

بنائیگا مرا کیا کام دل بلکہ بگاڑیگا
مجھے معلوم ہے وہ اسکو جیسا کام آتا ہے

سمجھتے مال دنیا کو ہیں سب کچھ کام آئیگا
کسی کے بھی نہیں یہ ایسا پیسا کام آتا ہے

کرے ہے مجھسے وہ خود کام کو آزردہ یہ ناحق
مرے کمبخت دلکو دیکھ کیسا کام آتا ہے

ظفر جو کہ عمدہ ہیں یہ کہتے ہیں رقیبوں سے
مجھے فرماتے ہیں جو ایسا ویسا کام آتا ہے

غزل قطعہ بند

اسے ظفر جو شباب کے دن تھے
ہیں وہی دور و خواب کے دن تھے
دور عشرت تھا اور عجب نشا تھا
جام صہبا سے ناب کے دن تھے
جو ش بشر کی میں ہم بیہوش کرتے
ساتھ اوس بیحجاب کے دن تھے
مہندی ملکر نہاتے تھے ہر روز
وہ معتبر خضاب کے دن تھے
کرتے آرام سرد خانہ میں
تابش آفتاب کے دن تھے
جلتے رات کو بھی جاڑے کے
ہم نشے میں شراب کے دن تھے
جتنی پیتے تھے روز سے اوس سے
پیتے دونی سحاب کے دن تھے

[illegible]

خواب عدم سے پہلے غم عشق چاہیے | کیون رکھیے صبح پر ابھی چٹ کر نہ سوئیے
ہے قہر تیرا کہنا یہ بستر پہ ہوکے گرم | گرمی مین آپ مجھسے جھپٹ کر نہ سوئیے

جھگڑون مین عاشقی کے ہو سونا کہان ظفر
جبتک کہ خوب اُنسے نپٹ کر نہ سوئیے

جبسے اُس لب سفاک پہ مائل دل ہے | بنگیا میرا کشندہ مرا قاتل دل ہے
تیرے کوچہ کے سوا گرچہ مین خلد بھی ہو | ہوتا خوش نہ کبھی حور شمائل دل ہے
پائے بوسی کی تمنا مین ترے اے قاتل | لوٹتا خاک پہ کیا صورت بسمل دل ہے
دیکھیے کیا ہو خدا خیر کرے پھر تنہا | فوج غم کا لیے ہوا اُسکے مقابل دل ہے
ہوگئی جان بھی کاکل مین گرفتار کمند | تیری زلفون مین جو پابند سلاسل دل ہے
وہ اگر دل پہ مرے ظلم و جفا کرتے ہین | خوب کرتے ہین یہی ظلم کے قابل دل ہے
روش غنچہ تصویر ہے دا شد دشوار | تیرے عاشق کا عجب عقدۂ مشکل دل ہے
کیون نہ بیدل رہے جانے سے ہوئے اہل محفل | ساری محفل کا تو اے رونق محفل دل ہے

دیکھنا جسکو ہو منظور وہ دیکھے دل مین
ظفر اُس ماہ دل افروز کی منزل دل ہے

یار اگر ضامن ہو دل کا کیا ہو ضمانت اور کی | وہ ضمانت دے تو لیجے کیون ضمانت اور کی
جان ورا کیونکر اجل کو تیرے غمزے کے سوا | اور کو مین کسطرح دیدون امانت اور کی

۱۸۵

جمالِ گلرخان دیکھو گلستانِ الٰہی ہے — جُدا ہے رنگ ہر گُل کا عجب شانِ الٰہی ہے

کیا شکوہ نہ ہمنے اُس صنم سے اسنے جب پوچھا — کہا الحمد للہ شکر احسانِ الٰہی ہے

ہم اُس بندہ کے قائل ہیں جو فرمانروائی میں — بجا لاتا ہمیشہ دل سے احسانِ الٰہی ہے

دہانِ تنگ اُسکا ہے کہ گویا دُرجِ گوہر — کہ پنہان جسمین دُرِ رازِ نہانِ الٰہی ہے

خوشی سے روزِ عید قربان جانتا ہوں — محبت میں جو کرتا جان قربانِ الٰہی ہے

فقیر گرسنہ کو قربِ حق ہی سیر کر دیتا — کہ جس شب فاقہ ہو اُس شب وہ مہمانِ الٰہی ہے

کہاں ایسا ہمارا مُنہ کہ ہو جاوے ادا ہم سے — ظفر حمدِ الٰہی وہ جو شایانِ الٰہی ہے

تیرے بیمار کی ہر وقت خبر اور سہی — شام کچھ اور سہی ہمنے سحر اور سہی

نیند آتی نہ تجھے شب کو کہانی میری — اک ذرا تو نے سنی رشکِ قمر اور سہی

بات وہ ان ایک ٹھکانے کی بنائی ہمنے — گھر میں کچھ اور سہی راہگذر اور سہی

ہمنے کہدی وہ سنی تھی جو حقیقت دلکی — کہہ کچھ تمنے کسی سے ہے اگر اور سہی

کوئی شمشیر کہے ہے کوئی خنجر کوئی تیر — تیری ہر شخص سے توصیف نظر اور سہی

کیوں کہا ہمنے سنا تے ہو ہمیں کیوں گالی — کہنے کا حاصل ہوا کیا ایک مگر اور سہی

جب سنی اپنی شکایت ہی سنی اسکے سوا — منہ سے بات اُنکے نہ کچھ ہمنے ظفر اور سہی

جو دل کہے وہ سچ ہے سوا اسکے اے ظفر
قائل نہ استخارہ کے ہم ہیں نہ فال کے

خوشی آتی کب ہمیں پھولوں کی باغ میں بو ہے — سمائی اور ہی اپنے دماغ میں بو ہے
بہانہ چشم سے مجنوں نے اشک خون شاید — صبا لہو کی جو دامان راغ میں بو ہے
اثر ہے گر دل روشن میں صحبت بد کا — تو کڑوے تیل کی جا تو چراغ میں بو ہے
ٹپک پڑا گل رخسار سے عرق کس کے — گلاب کیسی جو ساقی ایاغ میں بو ہے
ہوا نہیں ہے جو کم رنگ گل گلستان سے — تو پھرتی کسکی صبا یہ سراغ میں بو ہے
بسا ہے دل میں مرے کوئی شاخ گل رخسا — برنگ گل جو مرے دل کی داغ میں بو ہے

وہ خاکسار ہوں میں بھی کہ عطر گل کی ظفر
مہک رہی مرے کنج فراغ میں بو ہے

داغ ہے جامۂ عریانی تن کی بوٹی — اپنی پوشاک پہ ہے خوب پھبن کی بوٹی
چاند تارے کے سوا دیکھتے زیبا ہی نہیں — ہم قبا پر کوئی اس چرخ کہن کی بوٹی
کرتی حسرت سے ہر گلہائے ارم کو پامال — طرفہ عالم پہ ہے اس تحفۂ چمن کی بوٹی
تارے آنسو کے سوزن مژگان پہ مرے — کاڑھتی ہے مرے دامن پہ چلن کی بوٹی
انجم چرخ بھی ہو جس سے نہ ہمسر وہ ہے — کفش پر زر پہ مرے سیم بدن کی بوٹی
حق میں عاشق کے ترے دارو بیہوشی ہے — سبزۂ خط لب و خطِ ذقن کی بوٹی

دل برے جلوں کی آگ کہ سب ہو گیا سیاہ
سودا اپنا نکالا ترے لہو اعتراف نے
ترا انداز شعر ظفر جانتا ہے کون
اور استاد ذوق ہے ترا واقف مزاج سے

دیگر

ہے تو کچھ رونق صفائی مین ہے دل کی ورنہ یان
خاک ہی دیکھی کدورت مین ظفر اورتی ہوئی

وہ جسے ہین چار طرف دیکھ بھال کر پیتے | چھپا کے سب سے ہین اور سب کو ٹال کر پیتے
پسینا یون لب شیرین پہ ہے دم بوسہ | گلاب جیسے ہین پانی مین ڈال کر پیتے
شراب کو تو بتاتے حرام ہین لیکن | ہمارا خون ہین وہ ہمکو حلال کر پیتے
لگا یا خم ہی کو منھ سے رہا نہ ہوش ہمین | کہ بادہ جام مین خم سے نکال کر پیتے
پلاتے ہاتھ سے گر اپنے وہ ہمین تو شراب | زلال خضر کا ہم احتمال کر پیتے
نپوچھو ہمسے کہ کسطرح سامنے اوسکے | ہم اپنے آنسو ہین دل کو سنبھال کر پیتے

زیادہ بنگ سے کرتا ظفر نشا پانی
جو خط سبز کا اوسکے خیال کر پیتے

ہو گئے نا آشنا تم آشنائی کیا رہی | جب کدورت بھر گئی دل مین صفائی کیا رہی
دل حوالہ کر دیا جب اوس نگاہ مست کے | اپنا تقوی کیا رہا اور پارسائی کیا رہی
بیٹھے اب باتین بنائین ہم یہان ہوتا ہے کیا | بات اپنی جب وہان کچھ بن نہ آئی کیا رہی
جی قفس مین لگ گیا اپنا چمن سے بھی سوا | ہمکو اے صیاد پروائے رہائی کیا رہی
دل کے لینے کو لیے اوڑتی تھی آنکھ اوس شوخ کی | جبکہ اوسنے لے لیا دل پھر لڑائی کیا رہی
مجھپہ اک آفت رہی رنج و قلق سے روز و شب | اوس مہ بے مہر سے دو دن جدائی کیا رہی

قطعہ

در یا بہا رہی ہر سی چشم پر آب تھی
چشم عنایت اوس کی نہ تھی کسی پر زد ہر مین
لیکن ہمیں پر ایک نگاہ عتاب تھی

[illegible]

یہ دل جلا ہے اپنا بھلا ہے کہ ہے بُرا	لیکن پسند خاطر یار آگیا تو ہے

کھینچا ہے جبکہ دل کی کشش سے کبھی اُسے
کھینچکر ظفر یہاں وہ نگار آگیا تو ہے

لکھ انکو اے رفیق دل سوز خط کے پیچھے	جلد آؤ تم نہ ٹھہرو اک روز خط کے پیچھے
اُس روئے آتشین پر ہر طرف خط کا پردہ	گویا ہے مہر عالم افروز خط کے پیچھے
دود جگر سے میرے پہلے خط سیاہی	پھر خال رخ ہو ظلمت افروز خط کے پیچھے
عارض کے پیچھے تیرے دل خون ہو گل چمن میں	دیوانہ ہو بہار نوروز خط کے پیچھے
تیرہ گداز دل پر سرمہ کا خط ہو پہلے	پھر ہو نگاہ تیری دلدوز خط کے پیچھے
ہین سب تجھے پڑھاتے جبتک نہین خط آیا	ہوگا نہ کوئی دانش آموز خط کے پیچھے

افسوس تم نہ بھیجو اک دن جواب خط کا
لکھے ظفر پہ اپنے خط روز خط کے پیچھے

جنوں نے جبکہ قبا چیر ہاتھ سے پھینکی	نکال پاؤں سے زنجیر ہاتھ سے پھینکی
تری جو خاک قدم تیرے خاکساروں نے	اُٹھالی ہاتھ مین اکسیر ہاتھ سے پھینکی
دھری تھین اور بھی تو آگے تیرے تصویرین	اوٹھاکے میرے ہی تصویر ہاتھ سے پھینکی
ہوا نہ کارگر اک زخم سخت جانوں پر	خفا ہو یار نے شمشیر ہاتھ سے پھینکی
جریب کا کہکشان تو نے ضعف پیری مین	کبھی نہ اے فلک پیر ہاتھ سے پھینکی

[illegible]

دیوان ظفر ۱۸۹

تقسیم اب یہ ہے ظفر ہو گئی تو ہے

دیگر

[illegible]

قطعہ

[illegible]

دیگر

تم بن مرا یہ حال ہے انصاف چاہیے	کیون آپکو ملال ہے انصاف چاہیے

مطلع ثانی

کیا تیرے عرض حال ہے انصاف چاہیے	اور تمکو کیا خیال ہے انصاف چاہیے
مین لعل کفش پا کو تری غیرت چمن	کیونکر کہون ہلال ہے انصاف چاہیے
جھگڑا جو مجھ مین تجھ مین ہے مدت سے وہ ابھی	ہوجاتا انفصال ہے انصاف چاہیے
ہے روے ماہ تو بہ مگر روے یار پر	کیا خوب خط و خال ہے انصاف چاہیے
شکوہ نہ کیجیے اوسکے ستم کا ستم نہین	لطف اوسکا یہ کمال ہے انصاف چاہیے
آئینہ بیجا ہے مقابل جو تجھسے ہو	یہ جاے انفعال ہے انصاف چاہیے
دانتونکو آپکے درون مین نسبت گہر سے کیا	کچھ بھی نہین وہ مال ہے انصاف چاہیے

یوسف کے حسن کی تو ہے شہرت پراے ظفر
اوسکا عجب جمال ہے انصاف چاہیے

موتی جو کانمین ہے تو زہرہ کی شکل ہے	جھومر بھی سر کا عقد ثریا کی شکل ہے
اعجاز نور بادۂ روشن سے بزم مین	ساقی کا ہاتھ بھی ید بیضا کی شکل ہے
جلوہ فروز جیسے ہو گھر مین وہ مہروش	اپنا مکان مقام مسیحا کی شکل ہے
چھاتی پہ سانپ لوٹے ہی سنبل کو دیکھکر	یاد آئی تیری زلف سمن سا کی شکل ہے
کیسے وفور اشک کا کیا اپنے ماجرا	چشم پر آب بنگئی دریا کی شکل ہے

ہے لاغری سے جسم سیہ سودا زدہ کا حال
تم اوسکا نازک زلف چلیپا کی شکل ہے
ہر بیت کو اسکے ظفر آئینہ دل جلوہ گاہ دوست
صاف اس سے ہی [illegible] معنی کی شکل ہے

وہ ابتک بت ہین خفا کیا جانے کیا ہے
کسی نے کہہ دیا کیا جانے کیا ہے
[illegible] جبکہ آئی صورت آج کیا ہے
علاج درد دل ہے کیا جانے کیا ہے
طبیب اسکی دوا کیا جانے کیا ہے
محبت کی عداوت ہم سے پوچھو
کوئی اسکا مزا کیا جانے کیا ہے
کسی صورت نہین آرام دل کو
ابھی یہ ہوگئی کیا جانے کیا ہے
نگہ تیری کوئی برق بلا ہے
کہے تیغ قضا کیا جانے کیا ہے

ظفر [illegible] کیا جانے کیا ہے

[illegible]

وہ جھوٹ سے جو زمین آسمان ملا دینگے
تو پاس جتنے ہین سب ان مین ہان ملا دینگے

مزا تو آئیگا بوسہ کا جبکہ پیار سے وہ
دہان دہان سے زبان سے زبان ملا دینگے

بلا سے لے دل اگر قدر وہ نہین کرتے
ہم اور تجھکو کوئی قدردان ملا دینگے

جو اشک سرخ بہا ئینگے زرد رو پہ ہم
تو خوب رنگ بہار و خزان ملا دینگے

کمی کریگا اگر پھیلنے مین ابر سیاہ
ہم اپنی آہ کا اوسمین دھوان ملا دینگے

مٹائیگا کوئی ہمکو برنگ نقش قدم
ہم ایسا خاک مین نام و نشان ملا دینگے

تم اس سے ملتے ہو جھجک جھجک کے کیون ظفر اتنا
یہ کیا خدا سے تمھین مہربان ملا دینگے

جبسے اُس شوخ ستمگر پہ طبیعت آئی
اک نئی روز مصیبت پہ مصیبت آئی

سوز دل سنکے مرا شعلہ ہوا کیا بیتاب
بلکہ شب شمع کو بھی بزم مین رقت آئی

آیا وہ سرو قد اس ناز سے بالین مزار
سر پہ اس کشتۂ قامت کے قیامت آئی

سہے کیا کیا نہ ستم تیرے ستمگر ہمنے
پر زبان پر نہ کبھی تیری شکایت آئی

صورت آئینہ حیران ہی رہا وہ جسکو
نظر آئینۂ دل مین تری صورت آئی

زلف اس شوخ کی برہم ہے کہان ان چھیڑ
دل سودا زدہ ہو کیون تری شامت آئی

کثرت داغ سے دل خوش ہو نہ کسطرح ظفر
ہاتھ دولت یہ مرے عشق کی دولت آئی

سلام

پانی پانی ہو خجالت سے نہ کیونکر دریا
شاہ کا جب نہ لب خشک کرے تر پانی
کٹے پیاسا ہی ساقی کوثر کا گلا
[illegible]

دیکھیے دیتے ہین اسیر آپ ہمکو کیا سزا
دیدیا دل تمکو یہ تقصیر ہمنے کی تو ہے

زور پر آیا ہے جب سودا ے زلف پر شکن
ٹکڑے ٹکڑے توڑ کر زنجیر ہمنے کی تو ہے

کھینچکر کلک تصور سے لی تسکین دل
یار کی طیار اک تصویر ہمنے کی تو ہے

ہمسے تو کسواسطے تم روٹھ ہو اے ابروے یار
اپنی گردن خم تہ شمشیر ہمنے کی تو ہے

گر نہوا اوس شوخ سنگین دل کے دلمین کچھ اثر
پر ظفر اک آہ بے تاثیر ہمنے کی تو ہے

جو اوس بت بدکیش مین ہنگام نظارا + ان آنکھون نے دیکھا ہے
کچھ کہیے تو رہتا نہین امکان ہمارا + چپ رہنا ہی اچھا ہے
مانی نے بھی چین مانی تری دیکھکے تصویر + اے عالم تصویر
نقشہ ترا نقاش ازل نے جو اوتارا + قدرت کا تماشا ہے
ابرو ہے ستم ناز غضب قہر ہے غمزہ + جادو ہین نگاہین
آنکھین ہین بلا اور تری مژگان کا اشارا + آفت کا تمانچا ہے
تیرے رخ روشن کو بنایا ہے خدا نے + کیا طور کا شعلہ
جسنے کہ تجھے دیکھا ہے اے شوخ خود آرا + وہ محو تجلی ہے
میدان محبت مین صف جنگ ہے باہم + پر دیکھیے کیا ہو
مژگان کی ہے فوج اوسکے مقابل مین صف ارا + اور دل تن تنہا

قطعہ

[illegible]

اے ظفر ہے غم شبیر میں روتا گردون
ابر سے یہ جو برستا ہے زمین پر پانی

بزبان بھاکھا

پیم اگن نت موہے جراوے یا کا بھید کہون کا سے
پی ہو پاس تو جی ہو ٹھنڈھا انہی بہتیا کہون وا سے
رتیان گنتا رون بردوت رووت دنگو گنتا رون آن کہنیج
میرے من کی موسو ان نہ پوچھو پوچھو میرے ہیتا سے
تا ہی پر ہا در جن ہو دے یا ہی پر ہا سر جن ہو دے
نا چھوٹے یا بر ہا موسون نا چھوٹون مین بر ہا سے
نین کہلے کچھ اور ہی دیکھون موندون تو کچھ اور ہی اور
کو ؤ دا کو سانچ بتاے دیکھی بات کہون جا سے
من کے اندر پیا تمانند ر ہیرے ظفر وہ آن بسا
کام پڑ و جب وا سون ہمارو کام رہا کیا دنیا سے

مخمس

آیا دی اپنے داع کھڑی اپنی سنبھالو
سنتے ہو کس نیند سے آکھو سے متوالو
کہا نک سو وسے ہو تو سچ ہے
شوق رنگ اس دنیا کا تو ہے پیپنا کا سایہ
کیا دیکھو گے سینے میں درد یہی تو کیا دیکھو
کہا نک سو وسے ہو تو سچ ہے
(ایضاً)

نگاہوں میں جو کچھ راز محبت کہدیا اپنا
کسی کا کچھ قصور اس میں نہیں پایا گیا اپنا
تو پھر آنکھوں نے کیا کیا بھر کے خون لیا اپنا
لڑا کر آنکھ ہنسے آپ دشمن کر لیا اپنا
نظر کو ناز کو انداز کو ابرو کو مژگاں کو

نہیں جاتے چمن تک آپکو بیجس سمجھتے ہیں
یہی ہیں یار جنکو رونق مجلس سمجھتے ہیں
جگر کے رہ زن اپنے دیدۂ نرگس سمجھتے ہیں
ہمیشہ گنج تنہائی کو ہم مونس سمجھتے ہیں
الم کو یاس کو حسرت کو بیتابی کو حرمان کو

نہ تڑپوں خاک پر کیونکر بنگ طائر بسمل
کئی ہیں ہمدم پہلو نشین اور ایک میرا دل
کہ مجھ پر سخت جانی سی نہیں ہر سخت یہ مشکل
جگہ کس کس کو دوں ہاتھوں سے ہیں دلمیں قاتل
کٹاری کو چھری کو بانک کو خنجر کو پیکان کو

فزوں عزت ہو کسکی آدمی کی عزت و شان ہے
اگر پوچھے کوئی مجھسے تو میں کہدوں یہ ایمان ہے
شرف اس خاک کے پتلے کا جب ثابت ہو قرآن ہے
بنایا کب ہے بہتر اے ظفر خالق نے انسان سے
ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور غلمان کو

قطعہ

سبھی کے تم آشنا ہو پر تمسکو
فی الحقیقت یہ ہے مثل وہی
بحر الفت میں ہے ظفر سے بیر
رہنا دریا میں اور مگر سے بیر

تضمین در زبان پنجابی

یہ نینان ہر جائی یہ تو سب سے جاے اٹکے	شوق رنگ ندی نال پھر گئے کب لگ ہین چھٹکے

یا کسیکو کر رکھو تم یا کسیکے ہو رہو

ایضاً

آنکے ہم دنیا ہین پیارے جیسے تھے ویسے ہی رہے

نا کوئی آیا ساتھ ہمارے نا گیا کوئی ساتھ	دیکھ کے اکیلا آپ تو کہدے مل اپنے ہاتھ

آنکے ہم دنیا ہین پیارے

جنکے پیچھے جگ بیچ ہمنے اپنا سب کچھ کھویا	انہوں ہمیں آن اپنوں ہین سے اپنا کوئی نہ ہویا

آنکے ہم دنیا ہین پیارے

چھوڑے سب نے دوستی اور چھوڑ دو سب انالٰہ	سب تو چھوڑ گئی رہ گئی ہم آپ ہی آپ

آنکے ہم دنیا ہین پیارے

ڈھونڈا چاہا ہمنے ہوے جگ بیچ کوئی ہمارا	جب نا دیکھا کوئی اپنا کینا سب سے کنارا

آنکے ہم دنیا ہین پیارے

سب کے من ہین کھوٹ ہر اور سب کی کھوٹی چال	کون لگاوے جیا اپنا ان لوگان دی نال

آنکے ہم دنیا ہین پیارے

ہم بھی ملنا چاہ رہے اور تم سے بھی ملنا آندرا	پر یہ لوگ ہین کپٹی ایسے ملنا نا ہین بھاندا

آنکے ہم دنیا ہین پیارے

کوئی کسی کا [illegible] نہیں [illegible] اپنی اپنی [illegible]

آنکے ہم دنیا ہین پیارے [illegible]

ایضاً

[illegible] پیاری زبان [illegible] ہین [illegible]

۱۹۵

جوگی کھوڑو ویران [illegible] نظم

تمھاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

اس دنیا بیچ [illegible] ایسے دکھ کی [illegible]

تمھاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

یہ دنیا وہ [illegible] تم جو آنکھیں کھول [illegible]

تمھاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

کون رہا اور کون رہیگا سب کو [illegible]

اس دنیا بیچ رہتے [illegible]

تمھاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

عقل کو اپنی [illegible]

موت تمہاری [illegible]

تمھاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

بڑھاپا آیا [illegible]

تمھاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

سب یہ داڑھی والی پروا جو حیا کے پاس کریں | پھر جو ایسی داڑھی بھی تم ہو تو بہتر نہیں رہے

تمہاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

وہ تو تمہارے من بیچ ابد الامید ہے اور تم | تم جو اسکو یک سمجھ کے ملیں پیٹ من کے اندر

تمہاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

شوق رنگ آمیزی کہ تم سا تو وہی دیکھو کرنا | اسد سے ملک ان دکھاتے سمجھ سمجھ یک بتہ ہونا

تمہاری آنکھ پر اے غافلو غفلت کا پردہ ہے

تمت

خاتمۃ الطبع

طبع زاد نتیجۂ عدیل و سہیم مولوی محمد انوار حسین صاحب تسلیم

کس منہ سے خالق کے حمد و ثنا کیجیے کس زبان سے منشی نولکشور صاحب کا شکر ادا کیجیے کہ یہ دیوان فصاحت عنوان بلاغت ترجمان نشان گوہر گنجینہ یادگار صاحب قرانیہ حضرت ابوظفر بادشاہ دہلی رشک شاہان کیہم و اعلی اپنے مطبع مطبوع مرجع چار سو واقع شہر کانپور میں طبع فرمایا اور آبستہ جمال کا جلوہ دکھایا ہر مضمون بے نظیر و لاجواب ہے مختصر جو کچھ ہے انتخاب ہے

تمام ہوا دیوان ظفر جلد سوم

جلد سوم دیوان ظفر
۱۹۶

رخشار روشن بیانی لعل تابان آفشانی
الماس ن نی ول ن لی نی [illegible]

منجملہ چار جلد

کلیات ظفر

دیوان چہارم

مطبع نامی منشی نولکشور مین نقش گر نگین طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الف

جسے خیال ہے کچھ رحمت الٰہی کا
گناہ سمجھے ہے دعوی وہ بے گناہی کا

یہ فضل دیکھیو کہ خود بادشاہ ہے لیکن
دکھاوے اور وہ نہ کبھی نام بادشاہی کا

یہ لطف دیکھیو کہ خود بے نیاز ہے لیکن
دھیان ہے اوسے بندوں کی خیرخواہی کا

تم اپنے جی میں عزیز اور ذلیل ٹھہرالو
خدا ہے ایک مہ و مہر و مرغ و ماہی کا

کیا کسی کو جگر خستہ دود آہ فراق
دیا کسی کو مزا وصل گاہ گاہی کا

بھرا وہ چشم بتاں میں فسوں کہ تو دیکھو
تمام عمر کرے شکوہ کم نگاہی کا

جو حب آل نبی اور صحابہ دل میں رکھے
ظفر اوسے نہیں ڈر حشر کی تباہی کا

کیوں نہ ہو عالم پہ احسان احمد مختار کا
ہے وہ مالک خالق کونین کی سرکار کا

خالی نہیں جہان میں تمنا سے کوئی دل	ہر ایک میں ہے گرچہ تمنا جدا جدا
برچھی نگہ کی تیغ بھووں کی مژہ کا تیر	ہے میرے کشتوں کو مہیا جدا جدا
شعلہ میں بھی ہے برق میں بھی اور شرار میں	اک نور کا ہے سب کے تجلا جدا جدا
اللہ رے جوش گریہ مرے ہر مژہ سے آج	بہتا ہے ایک خون کا دریا جدا جدا
گہ رخ کا بوسہ لیتے ہیں گاہی دہن کا ہم	دونوں میں ہمنے لطف جو پایا جدا جدا

خط لکھا ایک اوسنے مجھے اور غیر کو
مضمون اگرچہ اوسمیں ظفر تھا جدا جدا

دہان یار کا راز نہاں معلوم کیا ہوگا	نہ ہوگا منہ سے جبتک کچھ بیان معلوم کیا ہوگا
کروں فریاد میں کیونکہ نہ اوس بیدرد کے آگے	مرا درد اوسکو آہ و فغان معلوم کیا ہوگا
بلانا ہے اگر منظور دے گھر کا پتا اپنے	بغیر اوسکے بھی تیرا مکان معلوم کیا ہوگا
نہوگا کوئی نخل سرو جبتک گو رہا شق ہے	ترا کشتہ وہ ای سرو روان معلوم کیا ہوگا
نہیں جنکا نشان جز نام عنقا وار عالم میں	سراغ اونکا کوئی ڈھونڈھے کہاں معلوم کیا ہوگا
لکھا پایا ہوگا جسنے زخم دل پہ تیغ حسرت کا	مزا اوسکو محبت کا میاں معلوم کیا ہوگا
دھر اٹھے یار ہیں معلوم ہوگا عشق میں تجکو	یہی نہ ایکدن جائیگی جان معلوم کیا ہوگا
برنگ بلبل تصویر ہوں میں باغ عالم کا	مجھے جوش گل اور وقت خزان معلوم کیا ہوگا
عدم کے رفتگان کا حال پوچھیں اے ظفر کسسے	نہ آیا کوئی پھر کر داں سے یہاں معلوم کیا ہوگا

جلد چہارم دیوان ظفر

فلک سے پہنچا ... زمین سے اونچا

صیاد تھا وہ کونسا طائر اسیر دام	ثابت جو تیرے ہاتھ سے پر لیکے اوڑ گیا
جھوکا تھا صبا کا وہ بادی تھا کوئی جو	گلشن سے دم مین گل کا جو زر لیکے اوڑ گیا
دل تھا ابھی بغل مین میرے ہای کیا ہوا	کیا جانے کوئی اوسکو کدھر لیکے اوڑ گیا
مرغ نظر تصور دندان یار سے	دانہ کی جای منہ مین گہر لیکے اوڑ گیا
جاتی کہین کبھی اوڑکے نہ اسکی ہما کی	تیری گلی کا شوق مگر لیکے اوڑ گیا

تا بام یار طاقت پرواز تھی کسے
اے عشق تیرا نام ظفر لیکے اوڑ گیا

پا تو نہین طاقت نہین جنبش کی گھر دور ہے اسکا	آپ تک پہونچے تو پہونچے کیونکہ رنجور آپکا

مطلع ثانی

جبکہ یون ظلم و ستم ہو جای دستور آپکا	پھر ستمگر نام ہو کیونکر نہ مشہور آپکا

مطلع ثالث

ہو سکے دل کیا حریف چشم مخمور آپکا	غمزہ چشم اک بلا ہے چشم بد دور آپکا
دل مین کیا میرے جگر مین کیا مرے سینے مین کیا	ہر جگہ ڈالا ہوا ہے ایک ناسور آپکا
خانۂ دل مین نہین حاجت چراغ و شمع کی	اسمین کافی ہے خیال روی پر نور آپکا
چھوٹ گیا رنج والم سے قتل جو تم نے کیا	مین رہونگا حشر تک ممنون و مشکور آپکا
کیا دل عاشق سپر رکھتا ہے سینہ توڑ کے	نشتر مژگان ہے نگ خنجر زنبور آپکا

[illegible]

دیگر

مطلع ثانی

جو میری ساتھ نہ میرا دل طپان ہوتا
تو میں جہان نہ رسوا جہان شان ہوتا

نہ لیونکہ وہ عجم دلدار دل کو آرایش
کہ بے مکین نہ یہ آراستہ مکان ہوتا

جلے ہے دل جو نکلتی ہے سینہ دل سے آہ
بغیر آگ کے پیدا نہین دھوان ہوتا

بجا ہے دل مین ہے یون اوسکی تیر کا روزن
اندھیرے گھر مین یہ جس طرح ابدان ہوتا

بجای بالش مخمل سمجھتے ہین اوسکو
جو نیچے سر کے ترا سنگ آستان ہوتا

مجاز عشق مجازی کے پاس بھی عاشق
جو یہ نہ بام حقیقت کا نردبان ہوتا

ہمارے دل کی خبر کون اونکو پہونچاتا
اگر نہ قاصد اشک اوس طرف روان ہوتا

ظفر جو دیکھ کے حیران ہین مجکو پیری مین
دکھاتا اونکو تماشا اگر جوان ہوتا

قطعہ

اچھا کیا اگر ہمکو ترا جان کے چھوڑا
قربان ترے ہاتھون کے کماندار کہ تونے

پر حیف کہ غیرون کا کہا مان کے چھوڑا
کیا میری طرف تیر بھوین تان کے چھوڑا

کیا قہر ہے بسمل ہے ترے ناز کے ظالم
اک ہاتھ تری آن نے اور آن کے چھوڑا

وحشت نے مرے زیر کف پا کوئی کانٹا
ثابت نہین دامن مین بیابان کے چھوڑا

سب قیدیون کو چھوڑ دیا آپ نے اپنے
پر ایک نہ جیتا مجھے پہچان کے چھوڑا

سر پایہ حیرت سے بتا اے دل حیران
کیا واسطے آئینہ حیران کے چھوڑا

[illegible]

دل مرا سنتا ہے کسکی عشق مین	تو نصیحت ناصحا کرتا ہے کیا

اتنے دل اوس بت کو ہنستے دیدیا
اے ظفر دیکھیں خدا کرتا ہے کیا

دل بتون سے لگاکے کیا پایا	دین و ایمان گنواکے کیا پایا
جز غم و درد و یاس و رنج و تعب	ہمنے دنیا مین آکے کیا پایا
پاے قاتل کا بوسہ لے نہ سکے	ہمنے سر کو جھکاکے کیا پایا
اے اسیران خانۂ زنجیر	تمنے یان غل مچاکے کیا پایا
نہ بجھا سوز دل جب آنکھون سے	ہمنے دریا بہاکے کیا پایا
نہ جتانا تھا راز عشق اون سے	کیون جتایا جتاکے کیا پایا

پڑھ ظفر قافیہ بدل کر شعر
اس غزل کو سناکے کیا پایا

چاہ مین ڈوب مرکے کیا پایا	آشنا تمکو کرکے کیا پایا
کشتۂ تیغ غم سے پوچھ لئے	تونے جی سے گذر کے کیا پایا
گر نہ پایا جواب خط تو پھر	ہاتھ سے نامہ بر کے کیا پایا
تجکو اے دل خدا سے ڈرنا تھا	تونے اوس بت سے ڈر کے کیا پایا
کیا سوداے زلف جو ہمنے	تو سوا درد سر کے کیا پایا

جلد چہارم دیوان ظفر

[illegible]

[illegible]

چاہیے تجکو شکایت یا ہمین انصاف کر
بوالہوس کو اک ذرا آنے تو دے میدان مین

ہم گلہ مند آپ ہین ہمسے گلا کرتا ہے کیا
دیکھنا عاشق ترا یہ منچلا کرتا ہے کیا

کچھ دل مضطر کو سمجھا او سکے گر سمجھا سکے
تو ظفر کو اب نصیحت ناصحا کرتا ہے کیا

مجھے مژگان سے جو خونبار افشانی کا ڈھب آیا
کیا تعلیم اوسکو ایک مدت تیری غمزے نے
مقابل ہو نہ دیکھ اے آئینہ اس چشم حیران سے
ہم اک مدت سے وان جاتے ہین لیکن ابتلک ہمکو
پریشان دل تھا جبتک لگ تھا اوسکی زلفوں کو
چورا تا ہے وہ آنکھین پہ نظر بازون کو کتنا ہے

کسے رونے مین ایسا ابر نیسانی کا ڈھب آیا
فلک کو جب کہین اتنا ستم رانی کا ڈھب آیا
ابھی تجکو نہین سے خوب حیرانی کا ڈھب آیا
نہین مثل خوشامد گو ثنا خوانی کا ڈھب آیا
پریشانون سے ملکر یہ پریشانی کا ڈھب آیا
آنکھ چور کو کیونکر نگہبانی کا ڈھب آیا

سخن کا جاننا آسان نہین ہے ایک مشکل ہے
ظفر مدت مین ہمکو کچھ سخندانی کا ڈھب آیا

طوفان بپا یہ گریہ کی شدت نے کیا کیا
خواب عدم سے کشتہ کو تیرے جگا کے پھر
پروانے کو جلا کے کیا ایک دم مین خاک
تو کرتا کس امید پہ غافل ہے جمع زر

مجکو ڈبو دیا غم الفت نے کیا کیا
فتنہ اوٹھا یا شور قیامت نے کیا کیا
ہے ہے ستم یہ سوز محبت نے کیا کیا
قارون کے ساتھ دیکھ تو دولت نے کیا کیا

[illegible]

٨

[illegible] جلا

بلا سے اس کو ... [illegible]

[illegible] بلبل [illegible] داغ جلا

دیگر

دل اپنا او سپہ رو شیدا ہوا تو ایسا ہوا
سماں [illegible] ہوا تو ایسا ہوا
رہا کھٹکتا رقیبوں کی آنکھ میں عاشق
اگر وہ سر کے کہاں تا ہوا تو ایسا ہوا
دیا دم ایسا کہ دم ہی نکل گیا دم میں
وہ ہم سے ساقی میں سیکھا ہوا تو ایسا ہوا

خط سبز اپنا دکھلا تو جہاں تک وہ گلستاں ہے
مزہ جب ہو کہ سارا سبکدہ خندان ہو ادہر ہے
فروغ حسن ہے اوسکا وہی گو رخ چھپاتا ہے
یہ تیری زلف ناگن وہ بلا ہے جب بپھرتی ہے

مرا دل شاد سبزہ سے نکلنے کو کچھ نہیں ہوتا
صراحی کو فقط اک قہقہے سے کچھ نہیں ہوتا
اندھیرا یار تو سونے کی گھٹنے سے کچھ نہیں ہوتا
تو پھر یار سے کالا ہو پہرے سے کچھ نہیں ہوتا

نہیں ممکن کہ آئے ہم ادہر سے اے ظفر تجھ پہ
سمجھ موں اسکے ستم کیا ہیں سہی سے کچھ نہیں ہوتا

وہ لب پہ خط ہے عشاق زہر کیونکہ ہوا
مجھے ہوئی ہے گوارا وہ آنکھ زہر بھری
نہیں جو وصل کی امید زندگی کا ساقہ
تمہاری زلف کی ناگن نہیں ہے جو زہر بھری
کلام تلخ کو سن سنکے عقل حیران ہے
لبوں کا بوسہ تہہ ہے پیکے جان دی میٹھے

زلال خضر سے العساق زہر کیونکہ ہوا
یہ شہد ذائقہ عشاق زہر کیونکہ ہوا
تو کھانا اپنا مجھے شاق زہر کیونکہ ہوا
تو اوسکا شہرۂ آفاق زہر کیونکہ ہوا
کہ یہ نصیب بد اخلاق زہر کیونکہ ہوا
یہ میرے واسطے تریاق زہر کیونکہ ہوا

ہر اک شندہ ہوا یار تیغ فتوں سے ظفر
یہ اوسکا شیوۂ اشفاق زہر کیونکہ ہوا

جو سوز عشق سے سینہ میں ہو کے داغ دل داغ جلا
ہوا اگر ترے وحشی کا نالہ آتش بار

تو جیسے دیکھا یہ جلتا چمن چراغ جلا ہا
تو دیکھا دیکھو وہ دامان کوہ و راغ جلا

[illegible] دیوان ظفر

[illegible] ایسا ہوا

[illegible] کالا

خوشنما دانت ہر رنگ دُر انجم ہیں سفید
رنگ جو اوسکی مسی کا ہے شب سا کالا

چشم جانان میں یہ دنبالہ نہیں کاجل کا
دست بیمار میں ہے ایک عصا سا کالا

شمع نے ماتم پروانہ میں اتنا تو کیا
سر پہ اک باندھا دھوئیں کا بھی منڈاسا کالا

طبع میں ہوتی حسینوں کو نفاست جو ظفر
تو نہ ہوتا فلک دون کا یہ سایا کالا

جوش گریہ کر ہے وحشت میں اپنا ایک سا
پاٹ دریا کا ہوا اور دامان صحرا ایک سا

رقص بسمل ہو کہ ہو عاشق کے دل کا اضطراب
جانتا ہے اے ستمگر تو تماشا ایک سا

خوش کوئی کیا ہو ہمیشہ گہ خوشی ہے گاہ غم
ہاں مگر وہ جو کہ ان دونونکو سمجھا ایک سا

کل مرقع میں اوسکی اور یوسف کی شبیہ
ہمنے دیکھی ایک سی صورت تھی نقشا ایک سا

عشق میں مجکو نہیں سیر گلستان کی ہوس
ہے چمن اور سینہ پر داغ میرا ایک سا

ایک جلوہ اپنا دکھلا دے اگر ناصح کو تو
حال ہو جای ہمارا اور اوسکا ایک سا

گاہ گرمی گاہ سردی گاہ دن ہے گاہ رات
اے ظفر رہتا نہیں دائم زمانہ ایک سا

نے غم گھٹا نہ اسمین ہی رنج والم گھٹا
دل میں رہا ہمارے ہمیشہ یہ جھگھٹا

چشم پر آب کی مری مژگان تر کو دیکھ
دریا پہ دیکھی ہوگی کبھی ایسی کم گھٹا

لیتا ہے ایک بوسہ پہ بھی تو بہانے منہ
دی ایسی قدر قیمت دل ای صنم گھٹا

مرغان چمن کرتے ہین کیا چہچہے دیکھو
وہ وحشی پہ صیاد لیے دام ہے آتا

کیون شرم سے گر جائے نہ شمشاد زمین پر
گلشن مین وہ سرو سمن اندام ہے آتا

آتا نہین ہے ان بن وہ آرام دل و جان
بےچین ہون مجھکو نہین آرام ہے آتا

تر دامنی اوسکی ہے کہ کعبہ مین بھی جو زاہد
ترسے ہے کیے بادۂ احرام سے آتا

غش کھاکے گرے ہی وہ زمین پہ تاب نہین پر
جب رات کو وہ ماہ لب بام ہے آتا

جو حق ہے ہم کیون نہ ظفر اوسکے ہون قائل
ناحق ہمین دینا نہین الزام ہے آتا

ہم روئے ایسا تونے جو ہمکو رولا دیا
پانی مین اک دکھائی فلک سا بہلا دیا

اوس شعلہ خو نے بزم جہان مین لگاکی لو
مانند شمع آپکو ہمنے گھلا دیا

ہے خاک راہ یار کی چٹکی بھی کیمیا
یہ عشق نے بتا ہمین اک چٹکلا دیا

ایسا نہو کہ غیر پہ کھلجائے مدعا
قاصد نے میرے خط اوسی جاکر کھلا دیا

سب یار کوچ کر گئے میری کھلی نہ آنکھ
غفلت نے کیا کہون مجھے کیسا سلا دیا

تمنے کیا نہ یاد کبھی بھول کر ہمین
ہمنے تمھاری یاد مین سب کچھ بھلا دیا

کھینچا جو نقشہ کلک تصور سے یار کا
نقاش چین کو ہمنے ظفر چین بھلا دیا

جگر سے یون دھوان ہی بار بار اوٹھا ہوا آتا
کہ ہو جس طرح سی ابر بہار اوٹھا ہوا آتا

پھر سو گئے یہ طالع خوابیدہ جاگ کر
دل کچھ تو نرم ہو گیا اچھا ہوا اسے
اس دل کے اضطراب نے مجکو دیا بلا
ہے تو حباب وار تنگ ظرف اس قدر

ہر چند آب گریہ نے منہ بھی دھلا دیا
اے سوز عشق تو نو اگر پھل بجلا دیا
ایسا کسی نے جھولے مین جیسے جھلا دیا
ہستی نے دیکے دم تجھے غافل بھلا دیا

کیا کرتے اختیار نہین تھے دل کے اے ظفر
ہم ڈھل گئے ادھر جدھر اوسنے ڈھلا دیا

وحشت سے ہی یہ حال مری جسم زار کا
اک تار خشک عشق کے ہی خار زار کا

مطلع ثانی

کاکل مین جو دھیان بندھا زلف یار کا
کرتا ہے قصد بندے کا فرشتار کا

مطلع ثالث

مژگان مین خط وہ سرمہ دنبالہ دار کا
تاڑا ہی سینے تاڑ یو نہین پھل کٹار کا

دو پھول پھیدون اوس نرگس کے تا وہ یار
آنکھو نسی دیکھے حال مرے انتظار کا

ناصح تو کیا سیئے گا کر وحشت کے ہاتھ سے
باقی نہین بتا بھی گریبا نین تار کا

اوٹھتا ہی خاک کا وہ بگولہ جو دشت مین
ہے تیرے خاکسار کے گنبد مزار کا

دے روز ساقیا مجھے دو چار جام سے
دو چار روز اور ہے موسم بہار کا

حاضر ہے صید گاہ محبت مین دل مرا
ہے شوق تجکو صید فگن گر شکار کا

دیگر

لب نازک پہ نہین رنگ مسی کا اودا

صدمۂ بوسہ سے لب ہو گیا تیرا اودا

[illegible]

پہونچ جائینگے بام عرش تلک	ہے اگر عشق نردبان اپنا
وہ کماندار گر لگائے تیر	دل کو سمجھے مرے نشان اپنا
سنتے ہین باغ مین گری بجلی	جل گیا ہو نہ آشیان اپنا
ہو وہ جان جہان نہ ہرگز دوست	اور دشمن ہوا جہان اپنا
آہ کرنے کی بھی نہین طاقت	اس قدر دل ہے ناتوان اپنا
غنچے گلشن مین ہون شگفتہ ہزار	پر نہو دل یہ شادمان اپنا
شمع سان لگ اوٹھے زبان کو آگ	اگر کرون سوز دل بیان اپنا

ہم ہوئے پیر اے ظفر لیکن
دل ہے اب تک وہی جوان اپنا

جو خنجر موج گل نے عندلیب زار پر کھینچا	تو قمری کو بھی ہو سرو چمن نے دار پر کھینچا
کھڑا ہون محو حیرت یون لگا دیوار سے تیری	کسی نے نقش ہو جیسے کوئی دیوار پر کھینچا
وفا کا کر کے تو اقرار ہم سے ہو گیا منکر	تری الفت سے ہم نے ہاتھ اس انکار پر کھینچا
جلا دیگا جہان کو دیکھ لینا یہ دل سوزان	جو نالہ اس نے اور اک آہ آتشبار پر کھینچا
خط رخسار کو تیری جو دیکھا ای گلستان رو	قلم سب خوشنویسون نے خط گلزار پر کھینچا
ہوئی کچھ تو دل بسمل کی اپنی صورت تسکین	تری تصویر کو جب سینۂ افگار پر کھینچا
دل زخمی سے اپنی ناوک دلدوز کو اوسکی	اگرچہ کھینچا تھا ای ظفر دشوار پر کھینچا

دیگر

[illegible]

دیگر

...ب خط نہ لایا نامہ بر خط لیگیا — کسکو وسکا یا خدا جانے کدہر خط لیگیا

...بپ ماہ پر تیرا رخ روشن شرف — فوق ہالہ پر ترا رشک قمر خط لیگیا

...ا کر لیگیا اوسکو مرے مضمون شوق — کیا کہوں میں جلد قاصد کس قدر خط لیگیا

...دیکھیں نہ ہاتھ آیا کرایہ کو مکان — گرچہ میں سو سو طرح سے لکھکے سر خط لیگیا

...اصد کی جرأت آفریں صد آفریں — سامنے قاصد کے بیخوف و خطر خط لیگیا

...یامیں سے مری گم ہے الٰہی کیا ہوا — زلف اوڑ کر لیگئی یا چھین کر خط لیگیا

چاک کر ڈالا پڑھا بھی وہ نہ اوس بے مہر نے
ہیں غلامی کا جو لکھکر اے ظفر خط لیگیا

دیگر

...داغ بر دل رشک سے ماہ مبیں دیکھا — رخ روشن پہ جسکے اوس خال عنبریں دیکھا

...پردہ ہمنے تو چشم تصور سے — تجھے بے پردہ ہو پردہ نہیں اے پردہ نشیں دیکھا

...اغ محبت کم نہیں مہر سلیماں سے — بدولت اسکی ہمنے اک جہاں زیر نگیں دیکھا

...ندہ دندان نمانے کسکے یہ مجکو — کہ ہمنے اپنا ہر آنسو بہ از در ثمیں دیکھا

...چ کرنے کو ہمارے ہمنے یہ جانا — اوسنے خنجر بکف جس دم چڑھائی آستیں دیکھا

...رین ... اوسکے جواب تلخ سنتے ہیں — ذرا دیکھو کہ زہر آمیز ہمنے انگبیں دیکھا

ہزاروں دلربا دیکھے جہاں میں ای ظفر ہمنے
مگر اوس سے کوئی بہتر نہیں دیکھا نہیں دیکھا

مطلع ثانی

یہ باتیں ہیں کہ بوسہ کہو وہ دلبر نہیں دیتا
جو ہم کہتے ہیں آئینہ لیکھیں کیوں کر نہیں دیتا

کہو ان اپنی خبر کیا بیخبر ہوں میں وہ جاں سے
مجھے جیسے خبر اسکی کوئی لاکر نہیں دیتا

دکھاتا ہے خشک لبی ہر زخم جگر میرا
ستمگر تو ذرا آب دم خنجر نہیں دیتا

ابھی آتا ہوں اٹھ کر تیری سیر کرنے کیا
مرا خالق مجھے پر اے پری پیکر نہیں دیتا

بھرا ہے باغ پھولوں سے پھر یہ سیر ہیں کر
مجھے بھر بھر کے ساقی مے سے کیوں ساغر نہیں دیتا

جواب دیدہ وہ خط میرا قاصد کو
جواب خط نہیں دیتا بلا سے گر نہیں دیتا

بڑا ہی لیتا ہوں ساقی
ذرا آرام سے سونے دل مضطر نہیں دیتا

مقطع اسیر بھی اوسکو دیتے ہیں ہزاروں دل
اگرچہ جانتے ہیں سب کہ وہ لیکر نہیں دیتا

ہوئی ہوں مجھ سے نہ قربان یار پہلے ہوا
نثار اوسپہ ہی جان نثار پہلے ہوا

شکار گاہ میں آیا ہے وہ شکار افگن
تو پہلے تیر سے میں ہی شکار پہلے ہوا

قلق جو تیرے درسان وصل کا نہیں
تمھارے آنے سے دل بیقرار پہلے ہوا

گلے پہ غمزہ نے خنجر تو بعد پھیرا ہے
نگہ کا تیر کلیجے کے پار پہلے ہوا

کیا ہے عشق نے بیچین ورنہ دل پہ مرے
نہیں تمھارا ابھی اختیار پہلے ہوا

ہر ایک تیر نگہ سے دل و جگر زخمی
تو اپنا سینہ و پہلو فگار پہلے ہوا

زبان خامہ پہ تیرے آیا نہ حرف مطلب کا میرے اصلا
لکھا کیا یکقلم قلم سے کہیں کا جھگڑا کہیں کا ڈکھڑا
یہ جانو اپنی مختصر کہانی کہی ہے اور رونکی داستان مین
ہوا اگر اس اسیر غم سے کہیں کا جھگڑا کہیں کا ڈکھڑا

مرادوان نامہ میرا نامہ بر پہونچا کی جا بیٹھا
مجھے حیرت ہے دل کیونکر سر گوشہ ابرو کی
خدنگ ناز ناوک فگن تیر اتو چھٹتے ہی
رفاقت تونکی دل ذکر کچھ ہنسائی کی
نہ پہونچا بام جانان تک اگرچہ شاخ سدرہ پر
ہوا حاصل تجھے کیا تو کنارے غیر مین ظالم

بلا سے گرچہ جا بیٹھا خبر پہونچا کی جا بیٹھا
بہم اخلاص تجھسے عشوہ گر پہونچا کی جا بیٹھا
مرے دل مین مری جان کو ضرر پہونچا کی جا بیٹھا
الگ مجھسے مجھی وہ اوسکو گھر پہونچا کی جا بیٹھا
دل مضطر بہم کچھ بال و پر پہونچا کی جا بیٹھا
کنارے گو رکے مجھکو اگر پہونچا کی جا بیٹھا

گیا تھا دل کو کیا پہونچا نے اپنے کوے دلبر مین
کہ مین تو آپ ہی اوسکو مختصر پہونچا کی جا بیٹھا

قاصد نہین ہاتھ آتا کبوتر نہین ملتا
مرجاؤن گلا کاٹ کی مین بحر مین اپنا
آنسو ہی مری چشم مین وہ گوہر نایاب
یہ جوش بہار اور یہ گل اور یہ سبزہ

جاتا بھی کوئی ہے تو ترا گھر نہین ملتا
پر کیا کرون ظالم مجھے خنجر نہین ملتا
دریا مین کبھی ڈھونڈھو تو یہ گوہر نہین ملتا
پر حیف کہ ساقی یہان ساغر نہین ملتا

[illegible]

دیگر

[illegible]

مطلع ثانی

[illegible]

نہ تقصیر خطا تھی اور نہ تھا جرم و گنہ میرا وہ خوش تجھ سے پہلے کیوں اور پیچھے ناخوش کیوں مجھ کو	ہوا وہ پر غضب جو مجھ پہ یوں ایسا غضب کیا تھا کوئی یہ پوچھتا اونسے نہیں اب کیا ہے جب کیا تھا

کیا اک نالہ ہنسنے او ظفر اس بیقراری سے
کہ گھبرا کر لگے کہنے ہمارے یار سب کیا تھا

مقابل جب ترے آئینہ شانہ روبرو ہوگا لگا او سکے کمان تیر نگہ دل گم ہو سینہ سے پھنسیگا طائر دل کیونکہ دام زلف میں کاکل نہ اونکو نیند آئیگی نہ اونکے ہمنشینوں کو دکھائینگے ہجوم داغ جب ہم عشق کی دولت اگر قبلہ بھی ہوگا تو نہیں کرنیکے ہم سجدہ	تو حیران و پریشان اک زمانہ روبرو ہوگا نشانہ تب لگیگا جب نشانہ روبرو ہوگا نہ دور گوش سے گر آپ وہ دانہ روبرو ہوگا بیان گر عشق کا میرے فسانہ روبرو ہوگا نہ ہر گز نال کچھ اسکے خزانہ روبرو ہوگا نہ جب تک اوس صنم کا آستانہ روبرو ہوگا

ظفر کیا جانئے وان کیا حال ہوگا دردمندوں کا
جہان میں اکلام عاشقانہ روبرو ہوگا ؛

پاس اونکے رقیب آپہونچا زندگی دے چکی تھی ہمکو جواب دیکھ سے گل کو تو کہ وقت خزان خال بیٹھی ہے وہ کہ منبر پر	ہائے دشمن قریب آپہونچا پر پیام حبیب آپہونچا سر پہ اے عندلیب آپہونچا پہر خطبہ خطیب آپہونچا

مطلع ثالث

[illegible]

ہاتو کیا خاک نگر کان میں کچھ غفلت نے	ایسا ہی سونکا کہ ہوا میں بہ بستر آہی گیا

دست بردار ہوں کیا دلبر سنگین دل سے
ہاتھ پتھر کے تلے اب تو ظفر آہی گیا

عشق اک تیغ الم بھی تیغ حسرت پر لگا	دم بدم تازہ جراحت ہر جراحت پر لگا
منھ سے کچھ کہنے کی اب حاجت نہیں کچھ نہیں	تیری آنکھوں نے کیا اسکو اشارت پر لگا
جب کہیگا تو ہی دل کا لگانا ترک کر	دل مرا کاہیکو ناصح اس نصیحت پر لگا
کسطرح عشق مجازی کا نہ ہو پایہ بلند	نردبان دیتا ہے یہ نام حقیقت پر لگا
کشتہ ہوں اوس سرو قد پر سکو معلوم ہے	دو نہال سرو یار و میری تربت پر لگا
کچھ کہو لیکن سنے کان ملاحت ذکر کیا	کان دیتا ہے اگر میری شکایت پر لگا

پاؤں پر قاتل کے اوڑکر پہونچے ہی عاشق کا سر
اے ظفر دیتی ہے شاید کچھ محبت پر لگا

جگر کے داغ پہ اشکوں کو ہمیشہ ریل دیا	کہ یعنی جلتا نہیں ہے بغیر تیل دیا
وہ میری جان کی جانیکو کھیل جانتی ہیں	سکھایا یاد انکو خدا جانے کسنے کھیل دیا
نہ گرتا آگ میں پروانہ کسطرح اے شمع	کہ شوق وصل نے تیرے اوسکو ڈھکیل دیا
ملا یا خون مرے اشکوں میں عشق نے تیری	الٰہی آگ کا پانی سے کیونکہ میل دیا
ہزار بار دئے سوتیا کے اشکوں نے	پر اوسنے ہمکو نہ اک بار رائے بیل دیا

ہوا نہ حلوا ے تر ہوتی زباں خشک بھی ہو نکو — کلیجا مالدار دن کا جو ہے اندر سی تر ہوتا

زباں پر میرے جب آتا ہے نام ساقی کوثر
ظفر کو یاد میں ہے شربت کوثر سے تر ہوتا

جنون مجنون سے تیری اسنے کیا کر چیٹا — نہ پیچھے کیا اسکی ہاتھوں سی یہ گریبان چھاڑ کر چیٹا

مقرر دل پہ منھ مارے گا تیرا جلالہ گیسو — یہ ہے مار سیہ کافر بلا منھ پھاڑ کر چیٹا

بہت تھوا وہ نخل خشک تر اس باغ میں لیکن — مجھی کو شعلۂ برق بلا کچھ تاڑ کر چیٹا

نہیں خال سیہ ملتا ترے رخسار گلگون سے — یہ بھنورا گل سے ہے کیا پاؤں مت گاڑ کر چیٹا

ملا بادل سے بادل کیا گرج کر دیکھ لے ساقی — یہ پیل مست سی پیل مست سی چنگھاڑ کر چیٹا

ترے دامن سے چیٹین گی مری بار سر تربت — نہ پیچھے جھاڑ اسے دیکھ دامن جھاڑ کر چیٹا

ظفر نے آستاں چھوڑا نہ اک پردہ نشین تیرا
نہ وہ در سے ترے دربان وہ گھر کاڑ کر چیٹا

نہ تحقیق ایک مرگ عاشق دلگیر کا دن تھا — کوئی شنبہ تا جمعرات کوئی پیر کا دن تھا

ہوا سے ٹوٹتی تھی توبہ مینا ے حباب آسا — یہ روز ابر بھی ساقی عجب تاثیر کا دن تھا

بہت تھا نازہ ہمکو آج اپنی سخت جانی پر — میاں یہ امتحان برش شمشیر کا دن تھا

ہوا جس روز یہ مفتون تھا اوس چشم مفتن پر — وہی دن اس دل دیوانہ کی تدبیر کا دن تھا

فقط کیا زلف تھی اوسکی اندھیری رات تھی گھر پر — رخ روشن بھی تو اوس عالم تصویر کا دن تھا

نہ پوچھو جب سے ہو تم اس جہاں میں آ گیا دیکھا
کہ جو دیکھا یہاں ہم نے تماشا اک نیا دیکھا

جو کچھ لکھا تھا پیشانی میں سب وہ اپنے پیش آیا
بھلا تھا سو بھلا دیکھا برا تھا سو برا دیکھا

کہاں وہ شب ہیں اور ہم کہاں شب وصل کی تیری
مگر ہم نے کبھی تھا ایک یہ بھی خواب سا دیکھا

نہ دیکھا آنکھ اوٹھا کر پھر ہلال عید کو ہم نے
تری جو ابروئے خمدار کو اے مہ لقا دیکھا

کیا دیوانہ ہو کر چاک گل نے پیرہن اپنا
چمن میں تجھ کو جس دم اوس نے گلگوں قبا دیکھا

جو آیا دل میں اوسکے صاف منہ پر کہدیا اوس نے
نہیں آئینہ سے کوئی زیادہ با صفا دیکھا

بہایا ہم نے رو رو کر جو دریا اپنی چشموں سے
تو پانی پر فلک کو ایک جیسے بلبلا دیکھا

چھڑک کر میرے زخموں پر نمک کتنا ہی وہ قاتل
کہ تو نے زخم تیغ عشق کے کھا کر مزا دیکھا

ظفر کی سیر اس گلشن میں ہم نے کیسی گل میں
نہ کچھ الفت کی بو پائی نہ کچھ رنگ وفا دیکھا

اوس بت کی عداوت سے ولا کچھ نہیں ہوتا
جب تک کہ ہو حکم خدا کچھ نہیں ہوتا

مطلع ثانی

کہنے سے برا میرا برا کچھ نہیں ہوتا
جو کہتے ہیں اونکا بھی بھلا کچھ نہیں ہوتا

اے دل حذر اس عشق سے بہتر ہے کہ اس میں
حاصل غم و حسرت کے سوا کچھ نہیں ہوتا

گو آئے ارادے پہ مرے قتل کے قاتل
آتی نہیں جب تک کہ قضا کچھ نہیں ہوتا

چارہ ترے بیمار کا اے رشک مسیحا
ہر چند دوا ہو کہ دعا کچھ نہیں ہوتا

دیگر

غزل

عمل اے نفس و ورنہ ہمت نہ اک جھا ہوا تجھسے	کہینگے وان جو کل تجھکو دکھلا کیا دکھائیگا

ظفر تجھے ہنروں دیکھے ہیں سے ہم زمانے کے
ہمیں اگر ہنر کوئی پھر اپنا کیا دکھائیگا

نشہ یہ تیری محبت کا مجکو یار چڑھا	کہ جسنے دیکھا تجھے اوسکو ہی خمار چڑھا

مطلع ثانی

سحر جو بام پر اپنے وہ مہ عذار چڑھا	تو آفتاب کو لرزے سے اک بخار چڑھا
رقیب کینہ تری نظروں پہ آج چڑھتا تھا	دیا جو دل سے ہمین تو زبون اوتار چڑھا
یہ مست کہتے ہین تار شعاع مہر کو دیکھ	کہ ہے سپہر کے طنبورے پہ بھی تار چڑھا
تصور قد دلدار مین مجھے اے عشق	خدا سے ڈر کہ نہ سولی پہ بار بار چڑھا
رکھے ہے مصحف رخ پر جو تیری زلف قدم	نہ اتنا سر پہ بھی اس بلا کو یار چڑھا
نشانہ کرکے مرے مرغ دل کو اوسنے کہا	کہ آج داؤ پہ اپنے عجب شکار چڑھا
دل برشتہ کی میرے جو بو اوسے آئی	تو کیونکہ تاک تلے پھر وہ بادہ خوار چڑھا
کیا ہے چشم فسون ساز نے تری کشتہ	ہمارے تو گل نرگس سر مزار چڑھا
نہ کیونکہ وصل علی دیکھکر تجھے کہوں	سوائے تیرے نگہ پہ کوئی یار چڑھا

ظفر بڑھا دیا رتبہ یہ خاکساری نے
بگولہ بنکے ہے افلاک پر غبار چڑھا

مطلع ثانی

خدا کرتا ہو کیا تو دیکھ تو اوس بت کی الفت مین	نہ گھبرا اے دل مضطر ابھی رہجا ابھی رہجا
بچھڑ تو جائیگا تیرے ساتھ ہی یہ دم بھی جائیگا	نہ جا ظالم خدا سے ڈر ابھی رہجا ابھی رہجا

نہیں ہم منع کرتے حال کچھ اوس سے بھی کہنے کو
ظفر فرصت مین کہنا پر ابھی رہجا ابھی رہجا

ہے جو سینہ مین یہ دم دمبدم آتا جاتا	لطف ہستی و عدم سے ہم آتا جاتا
آمد و رفت جو ہے بند سبب سے میرے	اب ترے کوچے مین ہر کوئی کم آتا جاتا
واے قسمت کہ تری راہ مین جون نقش قدم	کرتا پامال ہمین ہے صنم آتا جاتا
صبر کا میرے ترے جور و ستم کا چرچا	کرتا ہر شخص ہے تیری قسم آتا جاتا
کوئی غمخوار کوئی مونس و ہمدم کوئی	پاس اپنے نہین جز رنج و غم آتا جاتا
درد فرقت جو یہ جاتا کہو کیونکر جاتا	اس طرف ہان جو تمھارا قدم آتا جاتا

اے ظفر کیونکہ پھر اوس شوخ کے گھر مین جائین
ہر کوئی دیکھین جب آنکھون سے ہم آتا جاتا

نہ اور اے دل کسو کی یاد رکھنا	اوسی آئینہ رو کی یاد رکھنا

مطلع ثانی

ہمین اوس جنگجو کی یاد رکھنا	اوسے ہر دم عدو کی یاد رکھنا
یہ کرنی کٹتی کٹتی ہمسے باتین	یہ تیری گفتگو کی یاد رکھنا

ظفر ہوا اب کچھ بھولا کر اپنا شیوہ
مرے دل مین کسو کی یاد رکھنا

دیگر

ظفر ہم تو قاتل اوسے جانتے ہین
بتوں سے جو کی زندگی چند روز کی

دیگر

[illegible]

بکو اس کو جفا جو سے نہ اتنا بھی بکے جا
ناصح تری بک بک سے تو بس پک گیا بھیجا

اب دیکھیے کیا ہوتا ہے تقدیر کا لکھا
خط لکھ کے تو بہتیرے بہت تو خط کو بھی بھیجا

محفوظ خدا عشق جگر خوار سے رکھے
یہ وہ ہے کہ کھا جائے ہے اک دم میں کلیجا

وہ سن چکے احوال مرا پاس بٹھا کر
جو دور ہی سے کہوں کہ چل دور پرے جا

اے باد صبا سوکھ کے تنکا سا بنا ہوں
تو اب تو اوڑا کر مجھے اوس کوچے میں لیجا

منظور جو ہوتا ہے غبار دل جانان
اے سیل سرشک آنکھوں سے کر خطہ کو بہا جا

لگ جائیں جو انبار ترے کشتوں کے تل تل
تل دھرنے کو بھی روے زمین پر نہ بچے جا

اوس عارض تابان کو تب رشک سے خورشید
غیبا تری قسمت میں ہے ہر روز پسیجا

مقدور کسے ہے جو ترے سامنے بولے
جو آئے ترے جیمین تو باذوق کہو جا

جو آپ کی ہے بات بجا ہے وہ بجا ہے
کہتا ہے ظفر کون تمھیں کہتے ہو بیجا

ہے بیت میں کیوں نہ ہر اک رہو تن کا تاگا
جو ہے اے ضعف سو ہو وہ گئی من کا تاگا

کیا عجب گر اثر جوش جنوں سے پس مرگ
ہو جدا ایک سے اک اپنے کفن کا تاگا

نہ سیا جائے کبھی زخم دل مرغ چمن
ہو نہ جب تک رگ گل ہائے چمن کا تاگا

زاہدا کہتا ہے تو رشتۂ تسبیح جسے
یہ بھی ہے دام فریب اوس ترے فن کا تاگا

سانپ بن بن کے مجھے کاٹتا ہے بن تیرے
شب ہجر اک بستر اندوہ و محن کا تاگا

[illegible]

مست کہتے ہین کہ آ اے ساقیا جم جم گھٹا
میکدہ مین ہو بکیفیت ہمارا جمگھٹا

ابر کو تو پانی پانی تیرے گریہ نے کیا
آبروے بحر بھی اسے دیدۂ پرنم گھٹا

رتبۂ اوسط ہی بہتر ہے ہمارے واسطے
نہ بڑھا اتنا نہ تو اسے رونق عالم گھٹا

آئینہ مین عکس افگن ہے جو وہ زلف سیاہ
دیکھیو دریا پہ ہین چھائی ہوئی پر ہم گھٹا

صاف زنگ معصیت سی ہو جو دل کا آئینہ
کیا تعجب دے اگر وہ قدر جام جم گھٹا

عارض پر نور پر دیکھی جو وہ زلف دراز
کھلگیا ہم پر بڑھی رات اور دن کم گھٹا

چڑھ چلے وہ جو نہر گئے کتنے ہی یان دریا اور قمر
پر نہ زور طبع اپنا اے **ظفر** اک دم گھٹا

کرتا ہون جہان کچھ سے ترا کار نہ کہنا
بہتر ہے وہان کہنے سے سو بار نہ کہنا

اے ہمنفسو اوس شہ خوبان سے مرا حال
خلوت ہی مین کہنا سر دربار نہ کہنا

کتنا ہی کہا دل کو نہ مل سنگدلون سے
کم بخت لے مانا مرا زنہار نہ کہنا

اوس پردہ نشین سے جو محبت ہے تجھے دل
یہ بات سر کوچہ و بازار نہ کہنا

مست اے بیدار رہین یہ مردم دنیا
بھولے سے کبھی اہل الحق ہشیار نہ کہنا

بیٹھے بھی کیا عہد کہ در دل بیتاب
مرجاتا مگر تجھ سے ستمگار نہ کہنا

چپکے سے مرا خط اوسے دیجیو قاصد
کچھ منہ سے خبردار خبردار نہ کہنا

منصور کا تھا گرچہ حقیقت مین سخن حق
گر پوچھے حق تھا اوسے زنہار نہ کہنا

[illegible]

سر رات وہ وہ آہ مرا چشم ماہ مین	فرقت سے تیری ماہ لقا طوطیا ہوا
تیغ نگاہ مین ہے ترے یہ جو آب و تاب	سنگ فسان ہے کیا صنما طوطیا ہوا
وحشی چشم تھے تو ٹیے چشم ہر غزال	اپنا غبار بعد فنا طوطیا ہوا
تھا کشتہ کسکی آنکھ کا مین جو مرا غبار	ہے چشم آہوؤن مین صبا طوطیا ہوا
ہم قتل ہوگئے تری تحریر سرمہ سے	حق مین ہمارے تیغ بلا طوطیا ہوا
وہ وہ جسکے ہے میرے زمانہ سیاہ ہے	آنکھون مین نور مہر بجا طوطیا ہوا

خاک قدم سے یار کے بہتر ظفر مفید
کب بہر روشنی چشم دوا طوطیا ہوا

عمر بھر کیون نہ ہمین زلف کا سودا رہتا	یہ وہ ہے بھوت ہمیشہ ہی جو لپٹا رہتا

مطلع ثانی

ہے تصور جو ہمین زلف سیہ کا رہتا	آگے آنکھون کے ہی دن رات اندھیرا رہتا

مطلع ثالث

کرکے مجھے دھیان جو اوس پلک مژہ کا رہتا	تو مرے دل مین ہے کانٹا سا کھٹکتا رہتا
کھولتا اپنے جو رخسار پہ تو زلف دراز	تو نہ پھر کچھ کبھی وجود شب یلدا رہتا
آگے اوس قامت موزون کے اوسی جھکتا تھا	سرکشی سرو کی دیکھو کہ ہے سیدھا رہتا
دل پر آبلہ کو میرے جو دیکھا تو سے	دانتون مین خوشۂ انگور کے تنکا رہتا

جلد چہارم دیوان ظفر

[illegible]

امید روز وصل مین کچھ زندگی ہوئی	اپنا شب فراق مین جینا محال تھا
کہتے ہین مل سے ہجر مین ہو کر کیا دہم	کوئی زمانہ وصل بھی خواب و خیال تھا

بخشش طفیل شاہ رسل اپنی ہو گئی
ورنہ گناہگار ظفر بال بال تھا

عزیزو کام نہ کس کس کا یان بنا بگڑا	ہمارے پیش نظر اک جہان بنا بگڑا
ہمارے دود دل داغ داغ سے ہر روز	اک آسمان نہ آسمان بنا بگڑا
رہی نہال چمن ہی سے الفت ای صیاد	ہزار بار مرا آشیان بنا بگڑا
فلک کے ہاتھ سے بازار دہر مین آکر	نہ کون باعث سود و زیان بنا بگڑا
ہمارا دل نہ بگڑتا کبھی صنم تجھ سے	رقیب جیسے ترا رازدان بنا بگڑا
بنا رہا جو کوئی ہمنشین رہا اچھا	اور اوسکی بزم مین کوئی جہان بنا بگڑا

مزاج اونکا بگڑتا نہ اے ظفر مجھسے
زیادہ اونکا جو مین مدح خوان بنا بگڑا

کشتہ جو قاتل تری آن و ادا کا ہوا	پھر نہ وہ منت پذیر تیغ قضا کا ہوا

مطلع ثانی

عشق اگر اوس بت ہوش ربا کا ہوا	مورد قہر خدا بندہ خدا کا ہوا
طرفہ تماشا ہے یہ اور عجب سیر ہے	تو نے تو مارا مجھے نام قضا کا ہوا

[illegible]

یہ سینہ صاف تو نکو بھی یہ تیر جور فلک
کہ دیکھو بحر نے خود ہی حباب سر پہ لیا

نصیب قطرۂ شبنم نہین تو پھر کیون
یہ نہین ہے بار خسم آفتاب سر پہ لیا

جو سنگ آیا ترے در پہ سنگ طفلان سے
وہ سمجھے اسے بیت خانہ خراب سر پہ لیا

شہید عشق نے احسان تیغ دست قضا
نہین بجز نگہ پر عتاب سر پہ لیا

جو تمنے جرم محبت پہ مجھکو قتل کیا
گناہ آپ نے کیون بے حساب سر پہ لیا

ظفر جو دیر فرشتون سے کی اوٹھانے مین
بشر نے بار امانت شتاب سر پہ لیا

خطا اگر ہے تو ہے چشم و دل کی ساری خطا
نہ کچھ ہماری خطا ہے نہ کچھ تمھاری خطا

گذرتی خوب ہے اونکی جو رہتے ہین شرم
پھر اوس پہ نہین ہو کیون نہ شرمساری خطا

مجال کیا جو کرین بوالہوس کی طرح کبھی
یہ جان نثار ترے وقت جان نثاری خطا

کرو نہ اتنا تغافل ہماری جانب سے
تو کریگی نہ یہ اپنی آہ و زاری خطا

تصور ابرو مژگان لاکھ بار کرے
کرے نہ چشم نگارین ایک باری خطا

نہین تھے یون تو خطادار ہم ذرا لیکن
لکھا جو خط اونھین ثابت ہوئی ہماری خطا

جو دوستی ہے عیان رکھتے دشمنی دل مین
خطا ہے اے ظفر ایسون کی دوستداری خطا

حال دل اپنا جب اوس یار نے پوچھا نہ کبھی
کیا گلہ اسکا اگر اغیار نے پوچھا نہ کبھا

[illegible]

بوسہ ابرو لب کرتا ہوں نہیں تو سر مرا — ہاتھ میں شمشیر اپنی فتنہ گر لیکے اوڑا
صورت غنچہ نرگسی چاہیے یہاں مشت بند — اس چمن میں دست گلچیں زر جو گر لیکے اوڑا
آرزو ہے کوچۂ جاناں میں تو بعد از فنا — خاک میرے تو ہیر سے باد سحر لیکے اوڑا
لگیا دل صید کرکے یون وہ شاہین نگاہ — جون کبوتر کو ہو باز تیز پر لیکے اوڑا
اوڑ رہے تھے ہوش واں کتنی کہیں جا پہنچا — جب کبوتر میرے نامہ کو ادھر لیکے اوڑا

خط کسی عنوان جو دیدی تجھی اوسی قاصد مرا
پر نہ پہونچے وے وہ تو خط اسکو ظفر لیکے اوڑا

لیے جو کاسۂ خورشید ہے سدا پھرتا — یہ در بدر ہے فلک بھیک مانگتا پھرتا
جہاں وہ جای ہی دل بھی وہیں ہو پہونچتا کر — بہ رنگ سایہ ہے ساتھ اوسکے یہ لگا پھرتا
ہوا سے شوق نکرتی جو قیس کو برباد — تو کیوں وہ دشت میں آوارہ جون صبا پھرتا
تری نگاہ نہ پھرتی بلا سے اے قاتل — اگر گلے پہ مرے خنجر جفا پھرتا
ہماری آنکھ میں پھرتا ہی وہ تماشائی — جو ہے نگاہ سے اپنی چھپا چھپا پھرتا
خدا ہی جانے کہ ہے اسمیں کیا نظر آتا — بتوں سے دل جو نہیں زاہد امرا پھرتا

جو اپنا بخت نہ برگشتہ اے ظفر ہوتا
تو گھر تک آکے مرے کیوں وہ وا پھرتا

جنھوں نے رنگ مری عزوشان کا بدلا — ہے ایک ایک سے لینا جہان کا بدلا

ردیف بای موحدہ

ہوا نہ راہ محبت میں کوئی ساتھ اپنے
جواب دے گئے سارے رفاقتوں میں جواب

جو اونکے منھ میں زبان ہے تو ہیں ہماری زبان
عداوتوں کا سنیں گے عداوتوں میں جواب

ہزاروں عشق میں ہیں آفتیں عجب جیسے
اگر حیات میں دے آن آفتوں میں جواب

ہمارا ماہ لقا ہے وہ حسن میں یکتا
نہیں ہے جسکا ظفر ماہ طلعتوں میں جواب

دیا بتانے نہ مجکو مکان مکان کے قریب
بسائے لوگ وہ جنھوں نے جہان جہان کے قریب

نکلتے ہیں جو سینہ میں اسقدر شعلے
کھٹکتا کوئی نہیں تیر تفتہ جان کے قریب

فلک کے نیچے فلک ور اک نیا بنجائے
جو پہونچے دود جگر میرا آسمان کے قریب

وہ ہوں میں طائر آتش نفس کہ ٹھہرا جائے
جو آئے برق کبھی میرے آشیان کے قریب

کبھی تو کہ بیٹھکتا نہیں یہاں کوئی
کھڑا اٹھا کون تیری آج آستان کے قریب

قفس سے چھوٹ کے جب ہم اسیر صیاد
چمن میں پہونچے کہ دن آگئے خزان کے قریب

لبوں پہ آگئی جان آرزو میں بوسہ کے
ظفر نہ پہونچا دہان اپنا اوس دہان کے قریب

ردیف باے فارسی

جانتے ہیں جیسی ہمکو اپنی خواہش وہیں آپ
ہم نہیں زندہ اگرچہ کہتے ہیں زندہ ہیں آپ

[illegible]

دو ٹکڑے ایک بات مین کرتا ہی دل کے تو
تصویر تیری عالم تصویر دیکھکر

مدت سے زلف مین دل سودا زدہ مرا
جو خاکسار تیرا ترا خاک پا رہا

تیزی تری زبان مین ہر شمشیر کی صفت
حیرت مصورونکو ہے تصویر کی صفت

ہے اک اسیر پائے بزنجیر کی صفت
رکھتی ہی او سکی خاک بھی اکسیر کی صفت

سیرا وہ پیر خسر جہان ہر کہ اے ظفر
کرتا ہے اک جہان جو اوس پیر کی صفت

ہین بندھے دن رات غیرون سے ترے صحبت کے وقت
ہے کہان فرصت جو ہم تجھسے ملین فرصت کے وقت

ابر ہے ٹھنڈی ہوا ہے ساقیا دے بھر کے جام
مے کے پینے کا مزا ہے ایسی کیفیت کے وقت

تیرا رونا چشم دریا بار یہ کس کام کا
جب نہ آیا کام کچھ سوز تجسم فرقت کے وقت

نام ہے بدنام مے کا ورنہ اس سے بھی سوا
مست ہو جاتا ہے انسان نشۂ دولت کے وقت

جائیگا وہ یان سے ہم جائینگے اپنی جان سے
اپنی رخصت ہے جہان سے یار کی رخصت کے وقت

[illegible]

آجائینگے وہ کھینچ کے محبت کی کشش سے | ایذا ہی آگرچہ ... تصویر میں ...

کرتا ہے ظفر حال بیان اوسے جوا ...
دیتا ہے وکیا ... وہ تصویر میں ...

صبح کے وقت نہ فرصت نہ او کہیں شام ...
پوچھیں ہم وقت ملاقات کا ہم کو کیا کام
کہیو پیغام بر اوس شوخ سے یہ اپنا پیغام
گرچہ رندان تہی دست ہیں مانند گدا
جان فدا کرنے کو حاضر ہیں کہو تم جس دم
میں ترے ظفر کے قربان کرائی غنچہ دہن

غرض کچھ ... ہم ... وقت
... تاک ... کام ... وقت
پاس گر غیر نہو وسے کوئی پیغام کا وقت
وقت کے اپنے ہیں جمشید کو جام کا وقت
ہم ہیں جس کام کے موجود ہیں اوس کام کا وقت
پھول سی جھڑ ... شام کا وقت

جبکہ آغاز محبت میں ہوا اپنا یہ حال
اے ظفر دیکھیے کیا ہوتا ہے انجام کا وقت

اے پری سنکر اوڑائی تو نے کتنی بات چیت
آئے ہے افسوس کیا عمر گذشتہ پر ہمیں
پہلے ہی تو ہوگا ... انتہائے عشق سے
صورت تصویر ہیں خاموش ہم حیرت زدہ
ہو گئی شاید کہ اطمینان باتوں سے ...

خاک ہونگے آدمی دم ... بات چیت
وقت پیری یاد کر کے ... کی بات چیت
... کی بات چیت
... کی بات چیت
ابتو ہے ... ظفر ... کی بات چیت

مجھے ہے ڈر کہیں ایسا نہو دل بیتاب | عدو کے سامنے کہہ بیٹھے کچھ حبیب کی بات

ظفر نبات سے شیرین تر اوسے عشق ہائی
جو پہلے تلخ سمجھتے تھے ہم ادیب کی بات

گو نظر بازیں طاق ابرو نشین دیکھو بہت
میرے داغ دل پہ دیکھی ناخن غم کی خراش
زلف میں کیا اوس بت کافر کی زندان بلا
اپنی آنکھوں کی قسم دیکھی نہ انگلو نکی بات
کوئی اوس خورشید طلعت سا نہ دیکھا حسن میں
تو جدھر گذرا ادھر ہے نے بجای نقش پا
رنج ہے دنیا میں وافر اور ہے عشرت قلیل
میری آہ آتشیں کا بھی تماشا دیکھیے

پھر ہیں دیکھی کم اور عیب بین دیکھو بہت
جیسے ہوں اے مہر گردندہ نگیں دیکھو بہت
قید ہوتے ہیں نے اسمین اہل دین دیکھو بہت
آب داری مجھ سے در ثمین دیکھے بہت
یوں تو ہمنے ماہرو زہرہ جبین دیکھو بہت
دیدۂ حیرت زدہ فرش زمین دیکھو بہت
دیکھے یاں خرسند کم اندوہگین دیکھو بہت
تمنے ہیں چھٹتے انار آتشین دیکھو بہت

دیکھکر قطرے عرق کے اوس جبین پر اے ظفر
مشتعل شب انجم چرخ برین دیکھو بہت

نہیں جز داغ غم عشق ہماری دولت
زر گل کر دیا برباد چمن میں آخر
چھوڑ آنکھوں نہیں ترک ہو ہم الٹ اوڑا

ہمکو دولت پہ ملی دیکھو تمہاری دولت
دیں اوڑا تو نسیم باد بہاری دولت
ڈال ہیں اسنے ملادی مری ساری دولت

کہاں نصیب عرق چین صندل اپنا
وہ بانده دیں مرے سر سے جو درد سر کا وقت

نہیں سے کوئی بھی آرام کا ظفر سے وقت

رخسار رز ولب پہ دم سرو دل میں نور	عاشق کی تیرے ٹوپی اک دلربا شناخت

تجسا سخن شناس نہیں کوئی اے ظفر
آتی نہیں کسو کو یہ تیرے سوا شناخت

کے ہم ہیں شاہ دوست نہ ہم ہیں فقیر دوست	پر اوسکے دوستدار ہیں جو ہیں فقیر دوست
دل کیا وہان رخ سے لے نام دوستی	مسواک تا ہو تیرا پیکان تیر دوست
لے مہ فلک پہ نیمہ کنعان زمین پہ ہو	یکتائی جمال میں بے نظیر دوست
کرتا ہے وہ ستم ہیں ہزاروں شرارتیں	ہمکو ملا نصیب سے ایسا شریر دوست
اوس مہ جبین کی یاد دلاتی ہیں یہ مجھے	پڑھتے ہیں تیرہ آگے جو بدر منیر دوست
تصویر کھینچی ہے الف قد کی یہ ترے	کھینچے ہے دل جو آہ کی سیدھی لکیر دوست
تیری گلی کی خاک ترے خاکسار کو	ہو کاش بعد مرگ بجائے عبیر دوست
کیونکر نہ تیر قتل کا دین مجکو مشورہ	دشمن ہیں جو مرے وہ ہیں با تیر و شمشیر دوست

دشمن ہی کیا ہے چشم حقارت سے دیکھتے
رکھتا ظفر نظر میں ہے ہمکو حقیر دوست

چھپا کے کہتے ہو تم کیا عدو کے کان میں بات	کہ ہو نہ شہرہ کہتے ہی وہ کھل گئی جہان میں بات
ہزار باتیں سنائیں وہ اعتبار نہ آئے	کہ جب تلک کوئی آئی نہ امتحان میں بات
تمھارے سر کی قسم دیکھے دل تمہیں اپنا	وہ آئی پیش جو اپنے نہ تھی گمان میں بات

قطعہ

[illegible]

رند جو پختہ مغز ہو چھوڑ کر بن لیے لہو
سنگدل اپنا کیونکر بھی سست ہو و ے دیکھتہ

بول کر مے فروش لعل دم ہے جام تخت و
کہتے ہین تیری عشق مین ہمکو جوام تخت و

جی مین جو آئے سو کہو اپنے ظفر کو شوق کو
منہہ سے کہیگا پر تمہین یہ نہ غلام تخت و

وہ تجھے حق نے دی صنم صورت
ہے نہین کوئی تیرا ہم صورت

ہینتو ترسین جمال کو تیرے
دیکھے آئینہ دم بہ دم صورت

نہین پاتی ہے تیری صورت کو
بولے اللہ کی قسم صورت

چڑھتا ہے مہر کو تپ و لرزہ
دیکھکر تیری صبحدم صورت

رفتگانِ عدم کی پھرتی ہے
اپنی آنکھون مین دمبدم صورت

قطعہ

ہو گئے ہین مریضِ غم یار و
دیکھکر چاند سی وہ ہم صورت

سورۂ نور دم جو ہم پہ کرو
بہتری کی ہو کوئی دم صورت

ہاتھ مان نے اپنے چوم لیے
کھینچکر تیری اک قلم صورت

دشت گردی مین بھی ظفر اپنی
روبرو ہے وہ ہر قدم صورت

غزل [illegible]

ہوری کو ورلو خورشید و مہ کو بھی دیکھا
نظر پڑی نہین تیری سی چندین صورت

شبیہ یوسف اگر ہم او پی دکھائین تو وہ
نہ آئے ذہن بت چو و پسند مین صورت

[illegible] نگین دل کی طرح پھو
[illegible] نہین وہ [illegible] بیون مین صورت

[illegible] وہ خال ہے [illegible] سینہ مین صورت

صنم نے [illegible] صورت

[illegible] کی ہے [illegible] مین صورت

گزند صدمہ [illegible] گزند مین صورت

دکھا رہی ہے اجل اس گزند مین صورت

ہین [illegible] راحت و آرام کی ظفر ڈھونڈھ

پناہ [illegible] گنبد [illegible] بلند مین صورت

دیگر

شانہ

[illegible]

شانہ اوس زلف کی ٹوالی ہے شکستہ میں انگشت	کون یون دیتا ہے کاکل کے دہن میں انگشت
کردیا فاختہ کو عشق میں انگشت نما	سرو نے اپنی اوٹھائی جو چمن میں انگشت
کرین اوس چشم سیہ مست سے اگر چشمک	تو کرون چشم غزالان ختن میں انگشت
دیکھ اوس مانگ کو دانتون کے تلے انجم کے	کہکشان سے ہے دبا چرخ کہن میں انگشت
پوچھے قاتل کو اگر کوئی تو کشتہ تیرا	دے اوٹھا تیری طرف اپنی کفن میں انگشت
سرخی خون کف پا سے ترے مجنون کے	کیا حنائی ہے سر ک خار کی بن میں انگشت

دست نازک پہ ظفر اوسکی ہو بار سنگین
ہو اگر خاتم یاقوت یمن میں انگشت

طاقت و ہوش ہوئی ہم سے جدا اچھے وقت	دی ہو چھائین ہیں سب نے دغا اچھے وقت
دیکھکر ابر جو مستونکو ہوا اور ہوئی	ساقیا دیکھ تو سوجھی ہمین کیا اچھے وقت
پہونچے بے تیر جو دیدار ترے مرنیکے قریب	تو جو آیا تو ہوئی اپنی دوا اچھے وقت
ہی فرصت جو ذرا غم سے نہ پائی ہمنے	تھا مری جان کو آزار لگا اچھے وقت
ٹل گیا غیر کے گھر جانے سے وہ بد شگون	کیا ہی جا پہونچے وہان ہم بخدا اچھے وقت
ہمری جان تو جاتی تھی سر بالین سے	نام جانیکا صنم تمنے لیا اچھے وقت

جن دنون اوسنے ظفر اپنے مزے پر تھے
کیا ہی اچھے تھے وہ دن اور تھے کیا اچھے وقت

[illegible]

[illegible]

نہ لوٹ پوٹ کے کس طرح غم سے بلبل زار	چمن میں باندھی ہے گلچین گل سمن کی پوٹ
عجب نہیں ہے اگر کوہ بیستون سے ابھی	گران زیادہ ہوا اندوہ کوہ کن کی پوٹ
دکھاؤں دفتر حال گذشتہ گر اپنا	تو نکلے گھر سے مری کاغذ کسن کی پوٹ
مفید ہو خفقان کو نہ میرے گرچہ طبیب	ملائے قند میں گلہائے نسترن کی پوٹ
نہ مانو زاہد مکار و ذو فنون کی بات	یہ پر فریب سراپا ہے مکر و فن کی پوٹ

ظفر او ٹھے رہ غربت میں کیا قدم اپنا
گران ہے سر پہ غم دوری وطن کی پوٹ

سچ کو بھی میرے وہ سمجھا ہی کیا جھوٹی ہوٹ	جانا سچ مچ اگر اوروں نے کہا جھوٹی ہوٹ
منہ بنا بیٹھے بظاہر ہو کہ بگڑے دل سے	مجھسے سچ مچ ہو خفا یا ہو خفا جھوٹی ہوٹ
ہم تمھیں چاہتے ہیں تم بھی تو ہمکو چاہو	چاہتے گر نہیں سچ مچ تو بھلا جھوٹی موٹ
تیرے بیمار محبت کا نہیں کوئی علاج	کچھ بنا دیتے اطبا ہیں دوا جھوٹی موٹ
جھوٹ موٹ اونسے جو کچھ مجھ میں ہے گستاخی	کہنا کیا دیتا ہے لاؤ تو ہمکو مزا جھوٹی موٹ
غنچہ لب مجھسے ہنسا یا نہ ہنسا تو لیکن	دیا جھوٹوں نے تو گل ایک کھلا جھوٹی موٹ

اوس ستمگر نے مجھے ظلم و ستم سے مارا
اے ظفر لیتا ہے وہ نام قضا جھوٹی موٹ

ساتھ غیر و نکے ہے تو بادۂ عشرت کا گھونٹ	اور ہم تجھ بن پئیں خون ناب حسرت کا گھونٹ

[illegible]

تیری چشم مست کے گبھی کھائینگے وہ کباب اگر
ہر سانس کے ساتھہ کرین آہو حرم کو چٹ پٹ چٹ

کھاتے ہیں یون داغ ہزارون عاشق سوز محبت کو
چٹ پٹ کرتے ہیں دنیا وہ دم کو چٹ پٹ چٹ

کہتا ہے قاتل زخم بہت سے کھائے تمنے دیکھیں تو
کرتے ہو تم کیونکر زخم تیغ ستم کو چٹ پٹ چٹ

کھوئی حسن یار کی رونق آخر خط کے آنے نے
بس نہیں ورنہ کرتے ہم اس سبزہ قدم کو چٹ پٹ چٹ

دل ہے بلا چٹ میرا ظفر عشق کی اسکو چاٹ لگی
پیتا ہے خون دل کو غٹ غٹ کرتا ہے غم کو چٹ پٹ چٹ

لگی ہے وصف لب یار کی زبان پہ چاٹ
علاج تیرے مرے زخم کا ہے یہی اے دل
نہ سمجھو اسکو ستارونمین خط کا کہکشان
کسو حریص سے ادبیا نگس کی طرح
غرور سے نکرین بات خاکسار کہین
لگی ہے چاٹ یہ کیا تیری تیغ کو قاتل

رہا ہون ہو نٹھہ جو مین لذت بیان پہ چاٹ
تو اوسکے نام کو لکھہ لکھہ کر برگ پان پہ چاٹ
رہا ہے مار فید اوس آسمان پہ چاٹ
رکا ہی جھوٹی نہ تو منعمون کے خوان پہ چاٹ
سخن کے وقت وہ لین خاک پر کان پہ چاٹ
کرے ہے خون ہزارون کے ڈھلکی سان پہ چاٹ

ردیف ث تمام شد

ردیف جیم تازی

ردیف جیم فارسی

[illegible]

مذہب عشق مین حرام ہین سب
عیش و عشرت مگر حلال ہے رنج

زلف تیری و بال جان ہے مجھے
وسے ریادل کو بال بال ہے رنج

دخت رز سے ہے گرچہ پہلے سرور
دیتی آخر کو یہ چھنال ہے رنج

عشق مین کیا ہے حاجت زر و مال
کہ زر نقد غم ہے مال ہے رنج

اوٹھگیا تو جو ہوکے رنجیدہ
کر ریادل کو پائمال ہی رنج

حسرت و درد و یاس و حرمان کو
کیا مرے وقت انتقال ہے رنج

دیتا ہر بات مین ظفر مجکو
وہ ستمگار بدخصال ہے رنج

اے دل وہان نہ اور کسی نامہ بر کو بھیج
بھیجے اگر تو قاصد لخت جگر کو بھیج

خنجر سے گلا پہ پھیر دے آپ آنکر مرے
لیکن نہ تو رقیب کو میری خبر کو بھیج

کھلجائیگا دلا جو ہے تقدیر کا لکھا
ایک تو لکھکے اور خط اوس فتنہ گر کو بھیج

کیا جانئے اوس گلی مین پہونچتا ہو یا نہین
ہم آدمی تو آگے ہین اپنا ادھر کو بھیج

دم ناک مین ہمارا یہ لائے ہین بے ہنر
یارب کرم سے تو کسی صاحب ہنر کو بھیج

جاکر دلا اوٹھائے وہان شور تجیبانے
کسنے تجھسے کہا تھا کہ ایسے بشر کو بھیج

مانند نقش پا یہ وہین کا ہو رہے
اے عشق اوس گلی مین نہ تو اب ظفر کو بھیج

مطلع ثانی

[illegible]

جلوہ فگن ہین یون وہ رخسار تابناک
خورشید زرد ہے اسکے مہتاب کی طرح

[illegible] قد سے ترا سرو کی روش
[illegible] شاخ آب کی طرح

رنگین طبیعت اوسکی ہے [illegible] کی طرح

[illegible] وہ رخ مثل آفتاب کی طرح

آنکھون سے اپنی [illegible]
غفلت ہے [illegible] کی طرح

دیکھون ہوں [illegible] غافل ہے
ہے تن پر لباس واطلس وکمخواب کی طرح

[illegible] ظفر
[illegible] کی طرح

دکھلاؤن اپنا [illegible] سوز دل کا داغ کو صبح

ای ستم کیش ہر نگہ تیری	ہے کوئی ناوک قضا سچ مچ

دل جو اُلجھے ہے زلف سے اوسکی
اسکو سودا ظفر ہوا سچ مچ

دل ہوا ناوک مژگان کا نشانا سچ مچ
لگ گیا تمکو تو ماں تیر لگانا سچ مچ

کیا سبب بیٹھتے ہی اوٹھکے چلے جلدی سے
آج کیا ہے تمہیں جانان کہیں جانا سچ مچ

سچ کہا ہے اگر آپ نے مانا اوسے جھوٹ
تمنے گر جھوٹ کہا ہے وہ جتانا سچ مچ

ہو گئی جان روان تن سے یہی سنتے ہی
خط کیا آج کہیں اوسنے روانا سچ مچ

چارہ گر یہ جو ہیں سینے سے نکلتے پیکان
اوسکے تیر نگہ نے کیا دل میں ٹھکانا سچ مچ

تیرے کشتہ کا نگارا ہو نہ جب تک چہلم
نہیں لازم تجھے مہندی کا لگانا سچ مچ

سامنے میری جو تم ہنستے ہو یون غیر سے
ہے تمہیں کیا مرا منظور رولانا سچ مچ

جو ترا وعدہ ہے وہ جھوٹ ہے اے وعدہ خلاف
جھوٹا جانے ہے تجھے ایک زمانا سچ مچ

غم کے کھانے سے ظفر سیر تمہارا دل ہے
ترک تمنے کیا دو وقت کا کھانا سچ مچ

ردیف حاے مہملہ

ہے سوز غم سے یہ دل بیتاب کی طرح	آتش پہ بیقرار ہے سیماب کی طرح

دیوان ظفر

[illegible]

کیا کرین کوئی نظر آتی نہین
تیرے بچنے کی دل بیمار طرح

دم ہی آنکھون مین دکھا جا اپنی شکل
دے نہ تو اے آئینہ رخسار طرح

دل تجھے ہم کیونکہ دین تجھہ مین نہین
کوئی دلداری کی اے دلدار طرح

طرح الفت کی دلا آسان نہین
ہر طرح سے یہ تو ہے دشوار طرح

فتنۂ محشر کے بھی اوڑ جائین ہوش
دیکھکر تیری دم رفتار طرح

جس سے تسکین ہو دل بیتاب کو
کوئی تو ایسی ہو اے غمخوار طرح

ہین طرحدار اور بھی لیکن کہان
تیری سی اے دلبر عیار طرح

کچھہ نہ بن آئی ظفر تدبیر وصل
اک طرح کیا ہمنے کی دو چار طرح

ردیف خای معجمہ

بھری ہے آہ کے خون دل و جگر مین سلاخ
کہ لال کی ہے کوئی آتش سقر مین سلاخ

بُری نظر سے جو اے مہ جبین تجھے دیکھے
نظر فرو کی بنی دیدۂ قمر مین سلاخ

مثال برق مری آہ آتشین تجھہ بن
سراسر آگ کی بنجای ابر تر مین سلاخ

کبھی ذرا نہین جھکتی جو مرد مغرور
اٹھی لوہے کی ہے انکی کیا کمر مین سلاخ

شراب تند کے پیتے ہی بنگئے ساقی
گلو سے تا بہ شکم ایک لحظہ بھر مین سلاخ

تو آسمان سے نظر گر وہ دے جہان کو چرخ
پر اوس سے ڈر کہ جو دیتا ہے آسمان کو چرخ

سمجھو کاکشان سے جو میرا تشنہ خون
نکال دیتا ہے یہ پیاس سے زبان کو چرخ

قرین ترے رخ روشن کو دیکھکر گردش
نہ ماہ و زہرہ کے چاہے کبھی قران کو چرخ

دیے ہر رنگ پر کاہ اک بگولے نے
ہزار بار ترے مجنون ناتوان کو چرخ

نہیں یہ شام و شفق لیگیا اوڑا کے گر
لبون سے یار کے رنگ مسی دہان کو چرخ

ستم ہے مہر کو خانہ بخانہ لے جائے
نہ لائے گھر مرے اک بیر سے مہربان کو چرخ

دکھادے ابرو سے پر خم اگر وہ ماہ جبین
زمین پہ پھینکدے اپنی ظفر کمان کو چرخ

خون دل سے میرے لکھو اوسکو خط جو ہیں سرخ
از رنگ برگ کا تیو اسکا ہے از شنگرف سرخ

حوصلہ گل کا کہان جو نالہ بلبل سنے
گرتا ہے غصہ سے منہ پہلے ہی یہ یکطرف سرخ

مانگے گرمی میں جو پانی یہ مرغ تشنگی
اوسکے عکس روئے گلگون سے ہو آب برف سرخ

گر نہیں ہے سر پہ خون اوسکے کسی بے جرم کا
ہیں کلاہ قاتل سفاک کے کیون طرف سرخ

اشک خون سے پاس اپنی ہے زر سرخ و سفید
کہ سفید امراء ہم کرتے ہیں کاہے صرف سرخ

ٹپکے اشک سرخ کا قطرہ جو میری چشم سے
اے ظفر ہو جائے پھر الدم میں آب برف سرخ

کیونکہ اوسکی نہو طبیعت شوخ
ہے سراپا وہ سرو قامت شوخ

ردیف الدال

ہم اوٹھائیں بستر اپنا خاک کوی یار سی | ہے برنگ نقش پا یہ خاکساری سی بعید

گر رہوں بیتاب زیر خاک بھی ہیں حشر تک | ہمدم سوجھو نہ دل کی بیقراری سی بعید

ہوں برنگ خضر ہم منت کش آب حیات | خنجر قاتل کی ہے یہ آبداری سی بعید

روبرو روے مصفا کے ترے گر آئینہ | آب ہو جای تو ہو کیا شرمساری سی بعید

جب ہوا تو مضطرب ہمکو وہی کرنی پڑی | تھی جو اپنا دل بات اپنی وضع داری سی بعید

دیدیا دل تُنے اوس مست شراب ناز کو
اے ظفر تھا یہ تمھاری ہوشیاری سی بعید

نکلا ہے گھر سے ماہ لقا تین دن کی بعد | چھپ کر یہ مہ دکھائی دیا تین دن کی بعد

مطلع ثانی

تیرا مریض مر ہی گیا تین دن کی بعد | اچھا اگر دوا سے کیا تین دن کی بعد

ہو جاے ہی مرا بھی بھلا وقت احتیاج | مردار ہے حلال ولا تین دن کی بعد

برسوں سرشک چشم برابر بہا لیے | دریا کا وہ بہ زور رہا تین دن کی بعد

تیرا مریض عشق اگر کوئی دن جیا | تو تین دن جیا نہ جیا تین دن کی بعد

تجھ نہیں ہوا ابھی تیرے شہید کا | کرتا نہ سوگ پان تو کھا تین دن کی بعد

وعدہ تو ایک دن کا ہے پر دیکھیے ظفر
دو دن کے بعد آئیں وہ یا تین دن کی بعد

عشق کی دولت ہے کان لعل وگوہر چشم تر
سیکڑوں ہیں سرخ آنسو سیکڑوں آنسو سفید

تار بارش کو نشے میں دیکھکر کہتے ہیں مست
ہو گئے سب ریش میں پیر فلک کے مو سفید

اشک خون آلودہ میرا جیب کبوتر کو ہی
ایک بازو سرخ ہے تو ایک ہے بازو سفید

خانۂ دل ہے سفید اسکی سیاہی دور کر
کیا سفیدی سے محل کرتا ہے اپنا تو سفید

عشق میں ہم ہے سیہ چشموں کے ابتک آج تک
ہو گئے پیری ہے گو مژگان سفید ابرو سفید

خط جسے لکھتے ہو تم لکھو ہمیں کیوں دیکھکر
رکھ لیا ہے آپ نے کاغذ تہ زانو سفید

دیکھکر مہتاب کو کہتے تھی شب آئینہ بست
واہ پیر چرخ نے اوڑھلی کیا پٹو سفید

فرق ہے دن رات کا اپنی اور اوسکی بات میں
خال رخ کو ہم سیہ کہوین کہے بدخو سفید

سرخرو ہوں اے ظفر کیونکر عزیزوں سے عزیز
بیمروت ہے زمانہ ہو گئے لو ہو سفید

دھیان آیا کچھ مگر دس روز بعد
پوچھی عاشق کی خبر دس روز بعد

تین باری ہر مہینے میں ملیں
وہ جو آنکلیں ادھر دس روز بعد

دس برس میں آگئے وہ وعدہ خلاف
کہدے آئینگے اگر دس روز بعد

دس مہینے ہو گئے دس دن ہمیں
تو نہ آیا نامہ بر دس روز بعد

ایسے ہفتہ دوست کی کیا دوستی
ہوکے پھر جاے بشر دس روز بعد

دشمنوں کا حال سب کھل جائیگا
[illegible] ظفر دس روز بعد

بوسہ اگر ملے لب جانان کا اے ظفر
ابھی نہین پھر اور ہے ہوس اس ہوس کے بعد

دل لیکے مانگتے ہین یہ جان یک نشد دو شد
دل سا رفیق جان مرا تو کہے کہ جسمین
دیتا تھا جھڑکیان تو مجھے گالیان بھی ہین
تیر نگاہ سے مجھے زخمی تو کر چکے
جل ہی رہا تھا آتش اندوہ و غم مین دل
بیٹھے تھے خانقاہ مین ہم بنکے پارسا

کیا خوب مفت ہین یہ بتان یک نشد دو شد
ناصح تری ہے عقل کہان یک نشد دو شد
اچھی کھلی ہے تیری زبان یک نشد دو شد
پھر کھینچتے ہو تیغ میان یک نشد دو شد
اوٹھنے لگا جگر سے دھوان یک نشد دو شد
پھر یاد آیا دیر مغان یک نشد دو شد

کی دوستی جو اوس بت کافر سے ای ظفر
دشمن ہوا ہے اپنا جہان یک نشد دو شد

نہین یہ مانگ ہے بالو نہین تیری جان سفید
کرو جو سرخ مرے خون مین تم سر انگشت
تمھارے دست نگارین کی یاد مین ہے سرخ
نہین عزیز عزیزون سے سرخ رو ہر گز
سفید قرص قمر دیکھ شب خیال آیا
کہان ہے ابر کہان تار بارش ای ساقی

ہے کہکشان کا شب تیرہ مین نشان سفید
تو حشر تک بھی ہون ناخن نہ مہربان سفید
نکلتے آنکھ سے آنسو نہین اک آن سفید
ہوئے ہین ایسے لہو زیر آسمان سفید
تنور چرخ مین یار ب ہے کیون یہ نان سفید
یہ سائیان سے مین ہے ریسمان سفید

ردیف الدال

ہمنے دیکھا تری تصویر کا پہلا کاغذ | کلک قدرت کی ہے تحریر کا پہلا کاغذ
یہ زمین قبضہ مین کس کی رہی تحریر سے پہلے | دیکھو گر ہو کسی تعمیر کا پہلا کاغذ
اب جو لکھتا ہو وہ یہ کا ہے کو لکھتا تھا کبھی | دیکھ لو اوس بت بے پیر کا پہلا کاغذ
خط نہین رہے مشتری سے پہلا | بدلا قرآن کی ہے تفسیر کا پہلا کاغذ
سیکڑون نسخے کئے جمع مہوس لوگ | نہ ملا نسخۂ اکسیر کا پہلا کاغذ
دے ہے جب جرم وفا پیوہ کسیکو تعزیر | دیکھتا ہے مری تعزیر کا پہلا کاغذ

سرنوشت اے ظفر اپنی نہین بدلی جاتی
ہے وہی اک خط تقدیر کا پہلا کاغذ

ردیف الرای مہملہ

جو نسمجھین عشق کے رتبہ کو وہ انسان ہین کیا اور | ہمکو تو وہی ہے سمجھ اے شیفتہ نادان ہین کیا اور
وہ بلا ہولی ہے بسم جبکہ ہمپہ سیلے خطا | ہوگئے ہم اوس زلف مشکین کی بلا گردان ہین کیا اور
دل تو کیا گر جان بھی مانگو گے دیدینگے ابھی | ہم تمہارے تابع فرمان ہین نافرمان ہین کیا اور
سلے خبر جلد اپنے بیمارون کی اے عیسی نفس | وہ کوئی دم اس سرای دہر مین مہمان ہین کیا اور
فتح ہو کر یہ اگر ٹھہرے ہے تمہارے در اسے | دل مین تیرے صید الفت کی ابھی ارمان ہین کیا اور
نالۂ پر شور سب کرتے ہین برپا شور حشر | اشک خون سیر اوٹھاتا مجھپر اک طوفان ہین کیا اور

چڑھکر اگر وہ بام پہ کھولے کمند زلف
دیکھا نہ کوئی رہ و کہین پر ترا اسیر دل

ہے میری آہ ... سے پیچ بستہ ہو گیا
مژگان تر سے میرے نہ کیون عرق آب تر

لے ہو پہنچے سیر ازا منہ جو اوس ماہ وش تلک
اوس شعلہ خو کی کیا کہون شوخی کی شل پر

تیری بھوون کے سامنے دیکھا تو مہ جبین
جو تیر اٹھا کیا ہو غبار اوسکا اوڑھکے ہو

گر صبح کو دیکھتا ترے ہو کر فریفتہ

کر کے دل فرشتہ اسیر آسمان پر
آیا نظر نہ تیر النظیر آسمان پر

کاسہ ہین ماہتاب کے فقیر آسمان پر
ہو پار بار ابر مطیر آسمان پر

کیونکر نہو دماغ سفیر آسمان پر
ہے گہ زمین پہ گہ وہ شریر آسمان پر

آیا نظر ہلال حقیر آسمان پر
جیب ملائکہ مین عبیر آسمان پر

خورشید پہ پڑھتا بدر منیر آسمان پر

دور قلم کو دیکھکے ظفر کے کہے ہے خلق
کب ہے عطارد ایسا دبیر آسمان پر

دود جگر ہمارا ہے یہ اٹھا فلک پر
یہ آہ آتشین جب چمکائے سیف اپنی

شرمندہ ہو گا تیرے عارض سے ماہ تابان
اوس مست ابرو نے جس دم دکھلائی تیغ

جو گی بنا پھرے ہے اوس ماہ وش کے غم مین

کہتے ہین لوگ جسکو کالی گھٹا فلک پر
کیا تاب پھر ہلائے بجلی بٹھا فلک پر

دے رو برو سے اسکو کوئی ہٹا فلک پر
دل مین ہلال کیا کیا اپنی گھٹا فلک پر

خورشید سے بڑھا کر سر کی جٹا فلک پر

[illegible]

الفت کی جو یہاں دیکھو ہیں نئے خار دیگر
تو ہے اب نہیں ہیں پیشے کا بار دیگر

دامن پہ ہے دیکھو کیا اشک لالہ گون
چھپو سکے ہے تاب نہ مرہم تک اللہ و دیگر

گر قتل تو مجھکو چاہئے گا ستمگر
ہے یہاں ہو گا ایسا جب جان نثار دیگر

بیت الحزن میں اپنا جز رنج غم کوئی
نئے ہے رفیق دیگر نئے غمگسار دیگر

رخسار زرد پر ہیں کیا لال لال آنسو
رکھتی خزاں بھی اپنی ہے اک بہار دیگر

وقت نماز الفت ہر وقت ہے کہ آمیں
نئے انتظار پیشیں نئے انتظار دیگر

سمجھے ہے تو ظفر کیا مہر و وفا کو آسان
اس سے نہیں ہے کوئی دشوار کار دیگر

بلا سے پھینک تو ناصح کو اس نے بیچ چھیڑ
پر اتنا کر نہ اسے سامنے رقیب کی چھیڑ

کہیں نہ چھیڑ یو دل اسکے ساتھ اے دم آہ
کہ سکے پھوڑ کو تو دل کو اب قریب کی چھیڑ

مرا ہے حوصلہ کیا عشق گر ہو دست دراز
تو ڈالے عیب خرد کو مرے ادیب کی چھیڑ

بہت کرے ہے یہ کالا مجھے یہی ڈر ہے
کہ ڈالے گا نہ صبا دشمن لبیب کی چھیڑ

نظر پڑے ہے جو منبر جو تیری اے کافر
تو پھینکے گا غم خطبہ کو تو خطیب کی چھیڑ

ہوئی نہ کوئی دوا جبکہ سود مند ہمیں
تو ہے پھینک دیا نسخے سب طبیب کی چھیڑ

کرے یہ عشق سے کون اے ظفر کہ او بیدرد
نہ سر کو تیشہ سے فرہاد اپنے نصیب کی چھیڑ

ہے جسم زار میں دم یون جیسے خس کے اندر
لگ جائے گو ذرا کو آتش اگر ہو پیدا

ہو جائیگا ہوا یہ یکسر وہ خس کے اندر
تاثیر نالہ میری بانگ جرس کے اندر

وہی ناز سے جو اوسنے مژگان کو اپنی جنبش
سو سو ڈبوئے نشتر اک ایک نس کے اندر

جیسے اس طرح دل تڑپے تو تجھ بن اپنا
جیسے کہ مرغ وحشی پھڑکے قفس کے اندر

آنکھون تلے ایک دم میں پھر جائے وقت گریہ
طوفان اس قدر کہ پیدا ہوا ک برس کے اندر

آفت ہو اوس پری کا پردے سے باہر آنا
اور دیکھ کے مجھے پھر چھپ جانا ہے کس کے اندر

دنیا میں ای ظفر ہو کیونکر فراغ اوسکو
دل جسکا پھنس رہا ہو حرص و ہوس کے اندر

دو چھپنے میں ہوئین اوس سے ملاقاتین چار
پر کہیں بیٹھ کے اک جا نہوئین باتین چار

کیا کہون مین شب ہجران کی درازی تجھسے
ایک رات ایسی کٹی جیسے کٹین راتین چار

دل و جان ہوش و خرد بھیجدون اونکو چار
کہ یہی تحفہ ہین اونکی لیے سوغاتین چار

چار حصے ہی سوا زندے اس وقت مین عشق
خانقہ ایک کہیں ہو تو خرابا تین چار

چار بار اٹھ پھر بیٹھ گئین وہ اونکو ملنی
اوسنے ملنے کی ہین معلوم جنھین گھاتین چار

جیسے اک بار مری چشم سے برسے آنسو
ایسی ہون چار برس مین بھی نہ برساتین چار

چار یارون سے نبی کے ہے عداوت جسکو
سر پہ ہم مارتے ہین اوسکے ظفر لاتین چار

دیگر

میرا اون کا معاملہ ہے اور
اون سے ہر دم مجھے گلہ ہے اور

دیدہ و دل میں وہ رہے پھر ہے
کیا بناتا وہ منزلہ ہے اور

صفِ مژگان سے دل نہیں پھرتا
بلکہ کرتا مقابلہ ہے اور

کہدو واعظ سے نام عشق نے
حل نہو گا یہ مسئلہ ہے اور

کہاسے یہ داغ کبک انگارے
طائر دل کا حوصلہ ہے اور

دل گرفتار کیوں نہوں لاکھوں
زلف مشکین کا سلسلہ ہے اور

دور دل سے ہیں جو وہ سمجھے
اے ظفر یہ تو فاصلہ ہے اور

مجھے اوشا او نہیں گلہ ہے اور
سنتے ہو یہ معاملہ ہے اور

جو جو باطن میں ہیں بڑا کہتے
اونسے ظاہر مقابلہ ہے اور

فقر و شاہی بہم ہے دیکھو یہاں
یہ فقیرانہ چوچلہ ہے اور

گر بگڑنے پہ اونکے بگڑیں ہم
ابھی ہو جاتا فیصلہ ہے اور

بشریت سے کون ہے خالی
ظاہرا سب میں فاصلہ ہے اور

کفر و اسلام ایک ہیں کس طرح
دونوں فرقوں کا سلسلہ ہے اور

آمد و شد میں دم کے دیکھو مرے
نفس کا یہ مجادلہ ہے اور

یا الٰہی چلا کدھر کی طرف
کہ نفس کا تو قافلہ ہے اور

دل لگی کشور ہستی مین ہو کیا خاک اونکی	جنکو ہر لحظہ رہے فکر سفر پیش نظر
ہو نہ اک ہستی موہوم پہ نازان غافل	کہ گئے سیکڑون یان ایسے گذر پیش نظر
لب شیرین کا ترے بوسہ اگر ہو حاصل	دل کو ہی میری یہ از قند و شکر پیش نظر
کرے اوس رخ پہ جلا کیا مری بینائی کام	پڑتی جس جا کہ نظر پہ ہو نظر پیش نظر
رکھہ سدا زیر نظر آئینۂ دل کہ مدام	رکھتے آئینہ کو ہین آئینہ گر پیش نظر

شغل آئینہ سے اک دم نہین فرصت تجھے ہین
رہتا کون آئینہ رو ہے یہ ظفر پیش نظر

ردیف رای ہندی

غرور سے نہ تو موچھونکو اپنی جوان مروڑ	کہ دیگا پیر فلک دیکھہ تیری کان مروڑ
چمن سے توڑ کے پھولونکو پھیلا گلچین	کہو کہ چھین لے ہاتھہ اسکا باغبان مروڑ
گلوری ہنسے جو مانگی تو یہ ہوے وہ خفا	کہ پاندان سے دیے پھینک ساری پان مروڑ
قضا کے پنجے سے ہرگز چھوڑا اسکے نہ وہ ہاتھہ	اگرچہ شیر کا دے پنجہ پہلوان مروڑ
زبان دراز جو ہووے نہ شمع تو گلگیر	پکڑ کے چٹکی سے کیون اوسکی دی زبان مروڑ
تری بھوؤن سے ہو ہمسر اگر پھچھین نہ زور	تو پھینک دون ابھی ہاتھون سے کمان مروڑ

گمان نہوتا کچھہ اوسکو تو لیکے قاصد سے
ظفر نہ ڈالتا خط کو وہ بدگمان مروڑ

ردیف رای ہندی

دل اوسکی زلف سی جا جا کے کیون الجھتا ہے
کرے نہ اوس سے کہین گر اپنا ہی بنا بگاڑ

جو بن سنور کے عدو کی بغل مین بیٹھے ہین
تو دل کو دیتے ہین آیا یہ امری بغل مین بگاڑ

نشے مین دیکھ خط کہکشان ہمین سوجھی
کہ ہال آیا فلک کو پڑا کھرل مین بگاڑ

ذرا بھی سامنے میرے اگر عدو بگڑے
تو منہ کو دون ابھی اوسکی مین ایکپل مین بگاڑ

جو چاہتا ہے رہے آبرو بنی تیری
تو زینہار کسیکو نہ اس عمل مین بگاڑ

ہمارے دل سے جو بدلے ہین وہ دین تو
نہین ہے کوئی بھی ایسی دل بدل مین بگاڑ

بگاڑ دے نہ کہین نقد ہوش دختر رز
کہ اس چھنال کی رندو بڑا ہی چھل مین بگاڑ

بنائی حق نے ظفر وہ تری طبیعت ہے
کہ دخل کیا ہے ذرا ہو تری غزل مین بگاڑ

عسس جو دیوے صراحی شراب ناب کی توڑ
تو رکھ دین مست بھی گردن مین جناب کی توڑ

اوٹھین سے ابر جو ساقی نہین کیفیت
تو ڈر ہے دین کہین تو یہ خم شراب کی توڑ

سوال بوسہ پہ دیکر جواب توڑ کے تو
نکالے اے صنم اس خانمان خراب کی توڑ

چمن مین اوس تن نازک سی گر مقابل ہو
تو پتیان ابھی پھینکین گل گلاب کی توڑ

غمونکی اتنی گرانباریون سے ای گردون
کمر نہ میری دل گرم اضطراب کی توڑ

نہ ڈال سکے یہ مین دیکھ محتسب اندھیر
ذرا خدا سے تو ڈر خم نہ آفتاب کی توڑ

رکھے ہے فکر مری وہ بلند پروازی
کہ دے اک آن مین ہمت ظفر عقاب کی توڑ

جیسے جاتی ہے مری آہ دل کشان دور و دراز
ایسا پہونچے ہے کوئی تیر کہاں دور و دراز

دل سے ہیں پہر کے وہ نزدیک اگرچہ ہیں پر
ہیں مرے گہر سے بہت اونکے مکان دور و دراز

مانگ سے اوسکی نہ ہمسر ہو فلک پر خورشید
آپکو کھینچے خط کاہکشان دور و دراز

رکھہ نہ تو راہ محبت میں قدم ہے رستہ
دیکھہ ہو اے دل بیتاب و توان دور و دراز

جانتے لوگ ہیں جسکو فلک نیلی فام
وہ مری آہ کا پہونچا ہے دھوان دور و دراز

مجکو ڈر ہے کہ تری زلف او لجھکر دل سے
قصہ پہونچا ہو نہ اے آفت جان دور و دراز

کیونکہ مر مر کے نہ طے ہو سفر ملک فنا
اے ظفر ہے یہ رہ عمر روان دور و دراز

جان سے جانتا ہون تجکو مری جان عزیز
تجسے تو جان نہیں مجکو کسی عنوان عزیز

دیکھہ لے شکل اگر خواب میں تیری صورت
ہو زلیخا کو نہ اتنا مہ کنعان عزیز

مری تقصیر ہے کیا کوئی جنون سے پوچھے
مجھے کیون ہوتا ہے یہ دست و گریبان عزیز

جو ترے شیفتہ ہیں اے بت کافر اونکو
تجسے نے دین ہے عزیز اور نہ ایمان عزیز

دل سودا زدہ زلفون سے اولجھ کر تیری
رکھتا ساتھ اپنے مجھے بھی ہے پریشان عزیز

شکوہ غیرونکا کرون کیا کہ محبت میں تری
ہمنشین یار لگانے لگے بہتان عزیز

اے ظفر دے نہ دل اوس دلبر ہرجائی کو
ہو نہ رسوا سر جہان دیکھہ کہاں مان عزیز

کرینگے دیکھیے کس کس کو صید تیر نگاہ / چلے ہین آج نہایت ہی وہ شکار کو تیز
مقابلے مین اگر برق آگئی اسکے / تو پاؤ گے بہت اس آہ شعلہ بار کو تیز
غضب تو یہ ہے کہ ہوتا ہی تیز جتنا یہ / تو اپنے ساتھ وہ کرلے ہی اور چار کو تیز
پسند دل کو ہی یون اوس نگاہ کی تیزی / شراب جیسے خوش آئی شراب خوار کو تیز
ارادہ دیکھیے کیا ہے کہ آج دیکھتی ہین / وہ چشم قہر سے اس اپنے جان نثار کو تیز
اوٹھایا ہے تو ہاتھ اپنی جیب و دامن سے / جنون مین دیکھ کے ناخن کو تیز خار کو تیز
ظفر نہ پوچھ کہ کیا کیا ہوا سے کوچۂ یار / کرے ہے آتش دلہاے بیقرار کو تیز

ردیف سین مہملہ

سر رکھے تکیہ پہ اپنا کیا مری وہ سر کے پاس / جو کبھی بستر نکرنے دے مجھے بستر کے پاس

مطلع ثانی

گل کا جوہر نہین رخسار مہ پیکر کے پاس / جلوہ گر ہے اک ستارہ یہ مہ انور کے پاس
زلف مشکین کو سمجھکر ہمسر مار سیاہ / ہاتھ ہم پہونچا سکے اپنا نہ ماری ڈر کے پاس
داغ دل کے متصل اک آبلہ بھی چاہیے / خوشنما ہے ہووے یہ شیشہ گر اس ساغر کے پاس
اپنے برگشتہ اگر طالع نہوتے ہمنشین / آ کے پھر جاتا وہ مہوش کیون ہماری گھر کے پاس

خیال ابروی جانان قریب دل یون ہی
کہ جیسے تیغ ہو رکھے کوئی سپر کے پاس
لٹا رہا ہے جو در اشک عشق مین لاکھون
کہان سے اتنے گہر آئے چشم تر کے پاس
ہزار طرح کا باتون مین جسکے شر نکلے
بشر کو چاہیے پھٹکے نہ اوس بشر کے پاس

جب اونکو عیب ہی لگتا ہو یان کو آنی مین
پھر آسکے بیٹھین گی کاہیکو وہ ظفر کے پاس

ردیف شین معجمہ

جو ہجر کی تھی کثرت آفات مین تشویش
سب مٹ گئی وہ ایک ملاقات مین تشویش
تو بھاگ دلا دیکھ محبت سے کہ اسکی
ہر گام مین اندیشہ ہی ہر بات مین تشویش
گذرے ہے کوئی لحظہ جو بیفکر تو برسون
دیتا ہے فلک اوسکی مکافات مین تشویش
پاتے نہین ہمتو کبھی رندون کو مشوش
آتی ہی نہین بزم خرابات مین تشویش
جی کیون نہ ڈرے گریہ سے ہو دل جو شکستہ
ٹوٹے ہوئے گھر سے تو ہو برسات مین تشویش
دل نذر کرون اپنا کہ جان پیشکش اپنی
ہے مجکو ترے غم کی مدارات مین تشویش

عقبے کی ظفر چاہیے کچھ فکر بشر کو
بیہودہ ہے دنیا کی مہمات مین تشویش

ہے مہاسے کا کہان عارض جانان پہ نقش
یہ ستارے کا ہو قرص مہ تابان پہ نقش
ہم جو سبزہ خط کا ہے کسیکے سودا
لکھدو کوئی مجھے برگ گل ریحان پہ نقش

۱۲۵۰

پیدا ہوئی کیا کیا نہ دل اہل سخن مین
سن سنکے ظفر آپ کے اشعار کو تشویش

ردیف الصاد

جفا سے تو جفا کاری مین مخصوص
وفا سے ہم وفاداری مین مخصوص

تماشا ہے کہ گردون سر کشی سے
ہوا ہے اس نگونساری مین مخصوص

نگاہ مست ساقی سے عجب کیا
اگر صوفی ہوے خواری مین مخصوص

رگ ابر بہاری سے یہ مژگان
ہوئین کیا عین خونباری مین مخصوص

کوئی سمجھا تمہارا عاشق زار
نہو گا گریہ و زاری مین مخصوص

جو ہے آگاہ عیاری سے تیری
وہ تیرا یار ہے یاری مین مخصوص

زہے قسمت کہ خدمت سے تمہاری
ظفر ہو ناز برداری مین مخصوص

بتخانہ مین ہر کیا مری ہمراہ وہی شخص
کعبہ مین بھی دیکھا تو ہر واللہ وہی شخص

رکھتا جگر و دل مین ہے جو درد محبت
سمجھے ہے تو مری درد سے آگاہ وہی شخص

دل ڈوب گیا جسکا تری چاہ ذقن مین
رکھتا ہے بدل یار تری چاہ وہی شخص

چومے اوٹھے اور اوٹھے نہ جون نقش کف پا
اوس در پہ ہے یہ بندہ درگاہ وہی شخص

بہتر کا سے ہے جو شعلہ صفت تمکو زیادہ
ہے آپکے نزدیک ہوا خواہ وہی شخص

ردیف الضاد

زلف سے اولجھے یہ کیا اس مبتلا کو ہے غرض
سر پہ ہے ناحق بلا کس کی بلا کو ہے غرض

جو ہوا اے شوخ بیمار غم فرقت ترا
نے شفا سے اوسکو نے اوس سے شفا کو ہے غرض

دل مرا ہو رشک سے خون یہ فقط مقصود ہے
ورنہ اوسکے دست و پا سے کیا حنا کو ہے غرض

جان و دل ایمان و دین جو کچھ تھا لینا لے چکا
اب ہی کیا ہے اوس کافر ادا کو ہے غرض

اے ستمگر اے وفا دشمن تری بیداد سے
بیوفا کو کیا غرض ہے باوفا کو ہے غرض

امتحان پر بس تیغ نگہ منظور ہے
قتل سے میرے نہیں اُس پر جفا کو ہے غرض

آشنا سے بے غرض ہے کون دنیا میں ظفر
پڑتی سو بار آشنا سے آشنا کو ہے غرض

ردیف طای مہملہ

دل عاشق جمال ہے مفتون خال و خط
جان وحشی نگاہ ہے مجنون خال و خط

کیا خوب نقطہ رکھتا ہے کیا خوب دائرہ
صفحہ پہ روی یار کے یہ نون خال و خط

خورشید زیر ابر ہے رخسار تابناک
پوشیدہ زیر پوشش شبگون خال و خط

سنبل قرین سوسن و ریحان ہے باغ میں
گیسو نہ سمجھو یار کے مقرون خال و خط

زیبا ہے اوسکے کشور حسن و جمال میں
آئین ناز و غمزہ و قانون خال و خط

دکھلا دیا نوشتہ مرا ایک قلم سے تجھے
میں تیرہ بخت ہوں ترا ممنون خال و خط

[illegible]

شمع سے گلگیر کیا ہو تاج زر کی احتیاط
عشق میں جب ہو نہ اوس سر کی پہ سر کی احتیاط

نکلے جو آنسو تصور میں کسی مہ پارہ کر
چاہیے آنکھوں کو اوس روشن گہر کی احتیاط

خط بچایا آپ خط کی طرح سو ٹکڑے ہوا
الله الله ری ہماری نامہ بر کی احتیاط

سیکڑوں محتاط ہو کر دختر رز سے خراب
کھو گئے اس میکدہ میں عمر بھر کی احتیاط

ہم پھڑک کر دام کی صیاد میں ٹکڑے اوڑا
پر زور اپنا ہو کیا اپنے بال و پر کی احتیاط

مرگ عاشق کی خبر جب تک مگر سن پائے
وہ نہ آئے دیکھنا اوس بیخبر کی احتیاط

اے ظفر سینے میں کیا کیا اپنے شعلہ عشق کا
ہو چکی دل کی حفاظت اور جگر کی احتیاط

اگرچہ ہمنے لکھا اونکو انتظار میں خط
مگر خطر نہیں وہ بھیجتے ہزار میں خط

مری طرف سے ہے دل میں غبار جسکو اوسکو
لکھا ہے مجھکو جو اوسنے خط غبار میں خط

عجب بہار سے خط ونمیں نہ آتا ہے
برنگ سبزہ نو رستہ حسن کی بہار میں خط

بدل سکے لکھتے ہیں خط اپنا اسلیے ظالم
کہ پکڑا جائے کہیں یہ نہ کوی یار میں خط

لکھا نصیب کا یہ بھی کہ نامہ بر اپنا
گرائے بھول کے دشمن کی رہگذار میں خط

گئے کدھر نہیں معلوم رفتگان عدم
الٰہی لکھکر کدھر بھیجیں کس دیار میں خط

ہمارے قتل کو تیغ قضا کھلی گویا
کھنچا جو سرمہ کا اوس چشم پرخمار میں خط

گلہ کسی کا نہ شکوہ نہ کچھ فساد کی بات
فقط ہے خط ہی کا آنیکی انتظار میں خط

[illegible]

ردیف السین

کی تھی کیا مجھسے مرے یار شرط	کچھ بھی ہے یا دستمگار شرط
دین و ایمان و دل و جان لیکر	دینا بوسہ بھی ہے اک بار شرط
شمع کی طرح رہ الفت مین	سر کٹانا بھی ہے سو بار شرط
در پروا ھکے نہ فغان کر اتنی	ہے ادب بھی دل بیمار شرط
چپکا نہ رہ مرغ چمن دام مین	کچھ ہی نہ کچھ ہے تجھے گفتار شرط
راز نہان گریہ سے کھل جائیگا	ہوئیگا رسوا سر بازار شرط

جتنے ہین بے قول ظفر اب نہان
الٹے کرے اب تری بیزار شرط

ردیف الظاء

گلی مین یار کے ہینے رکھا قدم بلحاظ	گئے بھی باوب آئے بھی تو ہم بلحاظ
ہماری شکل نے سب حال کہدیا اوسکو	زبان سے گو نہ کہا اپنے دل کا غم بلحاظ
قلم وہ کرتے ہین اسپر بھی ہاتھ ای قاصد	اگرچہ کرتے ہین خط اونکو ہم رقم بلحاظ
جب اوس کے حسن مین یوسف نہو سکا	تو جا چھپا وہ پس پردۂ عدم بلحاظ
صیاد اچونک اوٹھے خواب ناز سے وہ گل	چمن مین جائیو اے باد صبحدم بلحاظ
ابھی تو ڈوبین رقیبون کو گھر کے گھر لیکن	ہم اونکی آگے نہین ہوتی چشم نم بلحاظ

مطلع ثانی

مطلع ثالث

دیکھوں کیا آنکھوں سے تجھکو کہ مری چادر اشک	ہے مری پیش نظر شیشے کی دیوار کی وضع
کیوں نہ ہر بات میں اک زخم لگے دل پہ مرے	کہ زبان رکھتی ہے تیزی میں وہ تلوار کی وضع

جو وضع داری کا بہت کرتے ہیں اپنے دعوی
ہے ظفر ہمکو پسند اونہیں ہے دو چار کی وضع

جو پیئیں گے شراب بے موقع	وہی ہونگے خراب بے موقع
ڈھہ دا اسے نہ بول اتنا جھوٹ	بیت خانہ خراب بے موقع
ہیں تو کہتے ہیں بات موقع کی	دیتے ہیں وہ جواب بے موقع
حضرت ناصح آپ کی باتیں	نہیں بھاتیں جناب بے موقع
ہستی یک نفس پہ کیوں یہ ہوا	باندھتا ہے حباب بے موقع
رخ روشن کے روبرو ہے ترے	تابش آفتاب بے موقع
آتش عشق سے ہو ا پشکر	دل بھی کیا ہی کباب بے موقع
ابر مژگان کے سامنے تیرے	ہے برستا سحاب سے بے موقع

دل ظفر دے کے شعلہ رویوں کو
لیا ہے عذاب بے موقع

ردیف غین معجمہ

مل گئے اون سے اپنے کیا مخبر — لکھتے ہین چٹھیان دروغ دروغ

نہ رہی راستی ظفر باتین
ہے پسند جہان دروغ دروغ

ردیف الفا

تجھ بن شراب عیش کے پینے پہ چار حرف — اور اس طرح کے بیمزہ جینے پہ چار حرف

لا ایک حرف شکوہ زبان پر نہ چرخ کا — بھیج اوس ستم شعار کمینے پہ چار حرف

جاے جواب نامہ قلم بھر کے خون سے تو — دے کھینچ اپنے کشتہ کے سینے پہ چار حرف

الفت کی شرح سے ہین بیاضین بہت سیاہ — پھیلے ہین یہ ہزار سفینے پہ چار حرف

جاتے تو ہو رقیب کے کوٹھے پہ تم مگر — سن جاؤ میری ٹھہر کے زینے پہ چار حرف

ناحق جو کینہ رکھتا ہے تو مجھسے ای حسود — تف تجھ پہ اور اس تری کینے پہ چار حرف

روز ازل سے نام محمد کے ای ظفر
کندہ ہین اپنے دل کے نگینے پہ چار حرف

ہوئی کس جرم سے ہمپر یہ عنایت موقوف — کیا خطا دیکھی جو کی خط و کتابت موقوف

ہم وہ عادی ہین غم عشق کے مرجائینگے — لیک ہونیکی نہین ہمسے یہ عادت موقوف

یا تو لیجائیے ای حضرت ناصح تشریف — اور یا کیجیے یہ پند و نصیحت موقوف

[illegible]

دیگر

[illegible]

جو نہ کہنا تھا کہا ناصح کو بیٹھے بار ہا	کر دیا پر اوسنے مجکو جان کر مجنون معاف

ساتھے اوسکی عنایت کے ہین کیا تیرے گناہ
اے ظفر کردیگا سب وہ قادر بیچون معاف

ہمیشہ کرتے ہو عاشق پہ تم تبرا صاف	کیا ہے آپ نے کیا خوب روز مرا صاف
نہین ستارہ کسی دل جلے اگر دون پر	تفنگ آہ مین مارا ہے بھر کے چھرا صاف
ترے فراق مین اے مہروش دل اپنا ہم	غبار غم سے نہین پاتے ایک ذرا صاف
جو خوشنما تری ہینی ہے جون گل زنبق	تو برگ گل ہے نزاکت مین اوسکا پرا صاف
کئے ہے جسکو ہنتو تیز بادہ فروش	جو پیکے گھونٹ کوئی دیکھے ہے وہ ٹھرا صاف
جسے پہ حضرت دل خوش مزاج سمجھے تھے	پڑا معاملہ تو پایا اسکو ٹرا صاف
جو تیرے قد سے ہو ہمسر تو سرو کے سر پر	چمن مین شہپر قمری ہو شکل ارا صاف
مجال کیا کہ ترے رخ سے شعلہ ہو ہمتاب	کہ اوسکو دیکھکے جاتی ہو برق ٹھرا صاف

جو فخر کرتے ہین اپنے لباس ظاہر پر
ظفر وہ کسوت دانش سے ہین مبرا صاف

وہ کھینچے تیغ نہین ہمکو امتحان کا خوف	کہ کرتے عاشق جانباز کب ہین جانکا خوف
ہوئی ہے ایکی برس گریہ سے مری برسات	کہ ہے ہر ایک کو سیلاب سے مکان کا خوف
مرا جو دشمن جان ہو گیا وہ جان جہان	تو اوسکا خوف ہے گویا مجھے جہان کا خوف

ظفر مطلع دیوان چہارم

[illegible]

دیگر

[illegible]

قطعہ

نظر مین جسکے سما یاہے پرتو رخسار
الٰہی خیر ہو قاتل کے اور ہین تیور
مری طرف سی یہان تک پھرا ہی رخ اونکا
جو اس چارہ گرو نکے بھی اوڑ گئے یکسر

وہ دیکھتا بھی نہین جلوہ قمر کی طرف
بری نگاہ سے تکتا ہے میری سری طرف
کہ سوتے منھ بھی نہین کرکے میری گھر کی طرف
جو کی نظر مرے زخم دل و جگر کی طرف

فدا ہین جسپہ دل و جان سے کیا تماشا ہی
وہ التفات بھی کرتا نہین ظفر کی طرف

مطلع

بے روے یار کرنہ نظر دوسری طرف
اپنا خدنگ آہ عجب کیا جو توڑ کر
سیدھا ہی اوس گلی مین پہونچتا ہی روز دل
چھوڑے جو یک طرف سر عارض وہ ماہ زلف
دل پھر گیا جو اوس صف مژگان کی سامنے
کیا اس سے فائدہ جو کوئی اک طرف مرے

ہٹجاے دل نہ دیکھ ظفر دوسری طرف
جائے نکل فلک کی سپر دوسری طرف
جاتا نہین ادھر نہ اودھر دوسری طرف
یکسو عیان ہو شام و سحر دوسری طرف
پھیرا نہ منھ کو بل بے جگر دوسری طرف
جب تک نہو کسیکو اثر دوسری طرف

دل بھی ہوا نہ اپنا طرفدار ہے غضب
اک آن مین ہوا یہ ظفر دوسری طرف

چھٹ چھٹ آپسمین نہ کیون ہو نامہ بر دونون طرف
یکقلم ایسے خطون مین ہوگئے باہم جواب

لوگ کچھ کچھ ہین لگاتے آنکر دونون طرف
منھ نہین پڑتا کسیکا صلح پر دونون طرف

ردیف القاف

سو وے نہ میری پاس وہ لیتے ہی آنکھو
جب تک کہ درمیان نہو بالشت بھر کا فرق

کوچے میں اونکے مجھکو مکان بھی ملا تو کیا
میرے اور اونکے گھر میں ہے دس بیس گھر کا فرق

جاتا گذر ہے دونوں سے اوسکی نگہ کا تیر
مطلق نہیں سمجھتا وہ دل اور جگر کا فرق

بلبل ہزار میری طرح سے ہو نالہ کش
میرے اور اوسکی نالہ میں ہوگا اثر کا فرق

آئے بھی میری پاس تو بیٹھے وہ فرق سے
آیا ہے اونکے دل میں کچھ اب اسقدر کا فرق

مدت سے مجھ میں اور مری دل میں اے ظفر
ڈالا ہوا ہے اوس نگہ فتنہ گر کا فرق

خدنگ یار نہیں کچھ دل و جگر میں فرق
تو ایک گھر سے مجھے دوسری نہ گھر میں فرق

وہ صاف آئینہ دل میں ہے نظر آتا
نہ آئے جسکو نظر اوسکی ہو نظر میں فرق

یہ جوش گریہ سے عالم ہے اشکباری کا
نہیں ہے ابر میں اور میری چشم تر میں فرق

نگاہ مردمک چشم یار میں یک جا
کہ خوشنما نہیں ہو تیغ اور سپر میں فرق

نہ دل میں فرق پڑے گر فراق ہو برسوں
یہ ہو تمھیں کہ جو آ جائے لحظہ بھر میں فرق

ہوئے ہیں چہرہ کی زردی کو دیکھو اشک بھی زرد
رکھا نہ عشق نے کچھ رنگ سیم و زر میں فرق

ظفر کھلا یہ حلاوت سے ہمکو بوسہ کے
نہیں ہے اوس لب شیریں میں اور شکر میں فرق

ردیف کاف تازی

دیگر

انسان کی زندگی ہی تو اک دو نفس تلک
سامان کر رہے ہیں جینے کا لاکھون برس تلک

دامن چھوڑانا اپنا ہو دشوار برق کو
گر آئے آشیان کے سر خار و خس تلک

دل دین ہم اوسکو اپنا جو بوسہ کو دیتے ہین
دو چار سے نہ موڑے وہ منھ آٹھ دس تلک

ساقی نگاہ مست سے تیرے عجب نہین
مدہوش محتسب ہو اگر ہو عسس تلک

دعویٰ کرے نہ عشق کا بوسیچے اگر خبر
اس عاشق ستم زدہ کی بلہوس تلک

احسان کرے اسیر قفس پر نسیم صبح
اک برگ گل جو لائے چمن سے قفس تلک

سن سنکے میرا نالۂ و فریاد ای ظفر
خاموش ہین زمانہ مین نے سے جرس تلک

دل مین میرے وہ چبھی چشم پریزاد کی نوک
اس طرح چبھتی ہے جون سوزن فولاد کی نوک

تا سر چرخ ہے ین عشق مین پہونچی آخر
اس مرے نیزۂ آہ دل ناشاد کی نوک

دل مین عاشق کے کھٹکتی ہی رہتی ہر دم
ہاے دنبالۂ چشم ستم ایجاد کی نوک

وصف ہے عالم تصویر ترے نقشہ کا
رکھتی ہے نوک زبان خامۂ بہزاد کی نوک

دل مین لگتی ہے نکلتی ہے جگر مین جا کر
اے ستمگار تری ناوک بیداد کی نوک

اضطراب رگ مجنون سے پڑے ہے دم فصد
ٹوٹ جائے نہ کہین نشتر فصاد کی نوک

کس طرح سے نہ چبھی اہل سخن کے دل مین
نکلے ہے طرز سخن مین ظفر اوستاد کی نوک

دیگر

جو خط ہے رنگ کا زلف سیاہ فام میں ایک
سفید بال ہے بیٹھا ہے راہ شام میں ایک
کہ تم اب ہو مستوں نے خم کا خم خالی
فقط نہ دو ہمیں چھوٹی سبو و جام میں ایک

سوای کنج قناعت جہاں میں ہر وان تک
فراخ دستی ساقی کا دیکھنا عالم
مہر شکستہ خون دو آنکھوں نے گلفشانی کی
نفیر نالہ ہو کس سے نشان وہی دل کی
رہی جہاں میں نہیں نیک بد کی کچھ بھی تمیز

جہان میں ہے تو یہی گوشۂ فراغ ہے ایک
کہ دے ہے سو جو کوئی مانگتا ایاغ ہے ایک
کہ لیکے جیب سے تا دامن اپنے باغ ہے ایک
بتاتا یہ دل گم گشتہ کا سراغ ہے ایک
نظر میں اہل جہان کے ہماغ زاغ ہے ایک

ظفر ہزاروں ہیں عالی دماغ و روشندل
